https://ataunnabi.blogspot.com/

# انوار الحق

## فی الصلاۃ علی سید الخلق



سیدنا و مولانا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

4355

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

# انوار الحق

فی الصلاۃ علی سید الخلق

سیدنا و مولانا

# محمد

صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف

عارف باللہ الشیخ عبدالمقصود محمد سالم رحمہ اللہ تعالی الازہری المصری

مترجم

مولانا سید محمد محفوظ الحق شاہ مدظلہ خطیب اعظم بورے والا

رضا اکیڈمی ۰ لاہور

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

سلسلہ مطبوعات نمبر ۶۷

70178

نام کتاب ............ انوار الحق فی الصلاۃ علی سید الخلق
تصنیف ............ الشیخ عبد المقصود محمد سالم المصری رحمہ اللہ
ناشر ............ رضا اکیڈمی
کمپوزنگ ............ ایم یو کمپوزنگ ایسوی ایٹس دربار مارکیٹ لاہور
مطبع ............ احمد سجاد آرٹ پریس موہنی روڈ لاہور
ہدیہ ............ دعائے خیر بحق معاونین رضا اکیڈمی رجسٹرڈ لاہور

عطیات بھیجنے کے لیے

87676

رضا اکیڈمی اکاؤنٹ نمبر ۹۳۸/۳۸ حبیب بنک
وسن پورہ برانچ لاہور

بذریعہ ڈاک طلب کرنے والے حضرات ۱۰ روپے
کے ٹکٹ ارسال کریں

ملنے کا پتہ

رضا اکیڈمی رجسٹرڈ مسجد رضا محبوب روڈ چاہ میراں، لاہور پاکستان
کوڈ نمبر ۵۴۹۰۰ فون نمبر ۷۵۰۴۴۰ ۲

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# سعادت عظمیٰ

درود و سلام پر مشتمل یہ نہائت پاکیزہ اور مبارک کتاب ''انوار الحق فی الصلوٰۃ علی سید الخلق سیدنا و مولانا محمد صلی اللہ علیہ وسلم دس سال قبل ۱۹۸۱ء میں ''انجمن خدام احمد رضا لاہور'' کی طرف سے اردو ترجمہ کے ساتھ پاکستان میں پہلی بار شائع ہوئی جس کی تفصیل آپ آئندہ اوراق میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

حقیقت ہے کہ یہ کتاب بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں قبولیت کا شرف حاصل کر چکی ہے۔ مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''درودوں کی کہانی'' میں قبولیت کی تمام روئداد تحریر کر دی ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ کتاب کی اشاعت کا انتظام حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہی کے ذمہ کرم پر موقوف ہے۔ زیر نظر ایڈیشن کی سعادت عظمیٰ محترم المقام حضرت الحاج پیر بہاء الدین شاہ صاحب ہاشمی سہروردی دامت برکاتہم۔ بانی جامع مسجد ظفریہ مرید کے، حاصل کر رہے ہیں۔ جن پر نبی آکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نگاہ لطف وکرم خصوصی طور پر مبذول ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



پیر صاحب کا بلند مرتبت خاندان صدیوں سے علوم و فنون اسلامیہ کا امین اور شریعت و طریقت کا مبلغ چلا آرہا ہے۔ بڑی بڑی نامور علمی شخصیات برصغیر پاک و ہند خصوصاً پنجاب میں عمدہ شہرت کی حامل رہی ہیں۔ جن میں قطب عالم حضرت شیخ سید عبدالجلیل چوہڑ شاہ بندگی لاہوری رحمہ اللہ تعالیٰ کی ذات ستودہ صفات آسمان ولایت پر نیر تاباں بن کر چمک رہی ہے۔ حضرت شیخ موسیٰ آہنگر لاہوری رحمہ اللہ تعالیٰ آپ ہی کے ارشد خلفاء میں سے ہیں۔

اس صاحب جاہ و حشم خاندان کے جد اعلیٰ حضرت شیخ سید حمید الدین حاکم رحمہ اللہ تعالیٰ ایسی باکمال شخصیت تھی جن کے اوصاف حمیدہ اور کمالات جمیلہ کے لئے دفتر درکار ہیں۔ موصوف نے کیچ مکران کی سلطنت و حاکمیت کو چھوڑ کر فقر و درویشی کی راہ اختیار فرمائی مجاہدہ و ریاضت میں منفرد مقام میں ممتاز ہوئے، اور اپنے زمانہ کے اکابر اولیاء میں نام پایا۔

حضرت الحاج پیر بہاء الدین شاہ صاحب ہاشمی سہروردی بھی اپنے اکابر کے نقش قدم پر عمل پیرا ہیں۔ وقت کے رئیس اعظم ہونے کے باوجود نہایت متواضع، وضع دار، صوم و صلوۃ کے پابند، علماء و مشائخ کی محبت سے سرشار، طلباء کرام کے خیر خواہ، دین مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خادم، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عاشق، عشق و

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/


محبت کی دولت سرمدی کا یہ عالم ہے کہ آپ کئی مرتبہ حج کعبہ اور گنبد خضراء کی نعمت بیکراں سے مستفیض ہو چکے ہیں۔ نہ صرف خود زیارت حرمین شریفین کی سعادت سے باریاب ہیں بلکہ آپ کی تمام اولاد اور خاندان کے دیگر افراد بھی بار بار اس نعمت سے بہرہ ور ہو رہے ہیں۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت ہی کا ثمرہ ہے کہ درود و سلام کی اس کتاب مستطاب کو دیکھتے ہی اشاعت پر کمربستہ ہوئے الحمد للہ علی منہ وکرمہ تعالیٰ کتاب قارئین کے پیش نظر ہے اس کے حسن و جمال اور خوبصورتی میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کے جلوے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب لبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ جلیلہ سے پیر صاحب قبلہ کی اس نذر محبت کو شرف قبول سے نوازے اور دین و دنیا میں انہیں، انکی اولاد و احفاد اور رفقاء کو برکات دوامی سے بہرہ ور فرمائے۔ اور ہمیں بھی مصائب و آلام سے محفوظ فرماتے ہوئے درود و سلام کی برکات سے نوازتا رہے۔ آمین۔

محمد منشا تابش قصوری

خطیب جامع مسجد ظفریہ مریدکے

۴/ شعبان المعظم ۱۴۱۱ھ

۲۰/ فروری ۱۹۹۱ بدھ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

# درود شریف

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

نبی کریم، سیّدِ عالم، نورِ مجسّم، محسنِ کائنات، فخرِ موجودات، رحمۃ للعالمین، خاتم النبیین سیّدنا و مولانا محمّد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی ذات ستودہ صفات کے حضور صلوٰۃ وسلام کا نذرانۂ عقیدت پیش کرنے والا خوش قسمت مسلمان جن حسنات و برکات کا مستحق بن جاتا ہے، ان کا شمار ممکن نہیں، اللہ تعالےٰ اور اس کے فرشتے اس مبارک عمل میں شامل ہیں بلکہ اللہ تعالےٰ نے اس مقام پر ایمانداروں کو محبت بھرے خطاب سے اس طرح نوازا ہے جس کی مثال قرآنِ کریم میں دوسرے کسی امر میں نہیں ملتی۔ اپنی اور فرشتوں کی بات کئے بغیر درود وسلام پڑھنے کا حکم فرما سکتا تھا مگر یہاں تو تخاطب کا انداز بڑا ہی عجیب اور نکتہ رس ہے۔ تشویق وتحریص کی حد ہوگئی، آیت کا دلربا پیرایہ ملاحظہ کیجئے سوائے امتِ محمدیہ کے یہ نرالا اور اچھوتا اندازِ تخاطب کہیں دیکھنے میں نہیں آیا، ارشاد کی لطافت رحمت بن کر برس رہی ہے:

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔

"اللہ تعالےٰ اور اسکے فرشتے درود بھیجتے رہتے ہیں نبی کریم پر اے ایماندارو تم بھی ان پر ہمیشہ صلوٰۃ وسلام پڑھتے رہو۔"

احادیثِ مبارکہ میں نبی کریم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے صلوٰۃ وسلام کے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



فوائد و ثمرات سے آگاہ فرما کر اس مبارک عمل کو ہمیشہ ہمیشہ جاری رکھنے کی تاکید فرمائی۔ انبیاء کرام کے قصص و واقعات اس پر شاہد ہیں کہ حضور کی جلوہ گری سے قبل نہ صرف انبیاء کرام علیہم السلام درود شریف پڑھتے تھے بلکہ ان کے بعض امتیوں کا درود شریف پڑھنا معمول رہا۔ جن وانس کے علاوہ حجر و شجر، جمادات، نباتات تک بھی حضور کی خدمت میں صلوٰۃ و سلام کا نذرانہ پیش کرتے رہے صحابہ کرام اہل بیت عظام تابعین و تبع تابعین، محدثین و آئمہ دین اولیاء و اقطاب، اغواث و ابدال، اور ابرار کی تو بات ہی کیا ان کے تو روح و فکر کی غذا ہی صلوٰۃ و سلام رہی عام مسلمان بھی اپنے محبوب نبی کی بارگاہ میں صلوٰۃ و سلام پیش کرنا سعادت دارین تصور کرتا ہے علماء سلف و خلف تحریراً تقریراً تبلیغ فرماتے چلے آرہے ہیں، ہزاروں کتب صلوٰۃ اور سلام کے فضائل و مناقب، محامد محاسن پر تصنیف ہوئیں اور نہ جانے ہر روز کتنی ہی کتابیں صرف اسی موضوع پر منصہ شہود پر جلوہ گر ہو رہی ہیں، کتنی زبانیں صلوٰۃ و سلام میں تر رہتی ہیں اور کتنے ہی قلم ہیں جن کی نوک سے یہی وظیفہ صفحہ قرطاس پر ثبت ہو جاتا ہے کتنے نقاش ہیں جو صلوٰۃ و سلام سے نقش کالجر کے محاورہ کو درست کر رہے ہیں، کتنے ہی وہ خوش بخت کاتب ہیں جو عقیدت و محبت سے حضور پر نور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی کے آنے پر پورا، درود شریف لکھنے میں مسرت محسوس کرتے ہیں اور کتنے ہی اہل

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



عشق و محبت ہیں جو جمال محبوب میں محو الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ پکار رہے ہیں۔

ایسے ہی عاشقان رسول انام علیہ الصلوٰۃ والسلام میں مولانا سید پیر عبدالغفار شاہ کشمیری لاہوری علیہ الرحمتہ ہوئے ہیں جن کا مقولہ ہے۔ لاناس شغل ولی شغل فی تصور النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

"ہر ایک کا کوئی نہ کوئی شغل ہے مگر میرا شغل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور درود وسلام ہی پیش کرتے رہنا ہے۔"

مولانا جامی اپنے انداز میں یوں پکار اٹھے ؎

بود در جہاں ہر کسے را خیالے
مرا از ہمہ خوش خیال محمد

لہٰذا نہ جانے وہ کتنے خوش قسمت عشاق ہیں جن کے صلوٰۃ وسلام کے جواب میں خود رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم سلام رحمت فرماتے ہیں اور کتنے وہ بدبخت ہیں جو صلوٰۃ وسلام کو بند کرنے کی سعی ناکام میں ہمہ مصروف اپنی عاقبت تباہ کر رہے ہیں حالانکہ ان کی زبان و قلم سے بھی صیغے برآمد ہو رہے ہوتے ہیں۔

چھوڑیے ان کو آئیے اہل عشق و محبت کی طرف اور دیکھئے درود وسلام کی بہاریں۔ عقیدت و محبت سے صلوٰۃ وسلام پڑھنے والا حضور کا امتی جن حسنات و برکات اور انعامات سے مالا مال ہو سکتا ہے ان کا اجمالی تذکرہ کئے دیتا ہوں۔ ممکن ہے کہ یہی تحریر میری بخشش کا سبب بن جائے۔

<u>درود شریف</u> اعمال کی زینت۔ درجات کی بلندی۔ شفاعت کا سبب اور کفارۂ سیئات ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**درود شریف** جہنم سے نجات. جنت کی ضمانت. نفاق سے برارت، غضب سے امان اور رضائے الٰہی کے حصول کا باعث ہے۔

**درود شریف** ہر خیر کا رہنما. ہر شر کا دافع. وظائف میں افضل، نفع بخش تجارت، فتوحات کی چابی اور خوشی کی نشانی ہے۔

**درود شریف** محبوب ترین عمل. قلب کی طہارت. اعمال کی پاکیزگی، محافل کی زینت اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا وسیلہ ہے۔

**درود شریف** نوافل عبادت میں افضل عمل. خدا اور رسول کی قربت کا سبب، دعاؤں کی قبولیت کا ضامن ہے۔

**درود شریف** رحمت. برکت اور مغفرت کے لئے اکسیر، پلصراط کا نور اور نورانی تاج کے حصول کا ذریعہ ہے۔

الغرض دین و دنیا اور آخرت میں کامیابی و کامرانی کا عظیم وسیلہ ہے، خوش قسمت ہیں جو خلوصِ قلب سے اس پر عمل پیرا ہیں۔ درود شریف اللہ تعالےٰ کی نعمتوں میں بہت بڑی نعمت ہے اور اس کے حصول کے لئے مال و دولت، زر و جواہر کی قطعاً ضرورت نہیں، اس کے لئے صرف اور صرف اوّلین شرط محبّت و عقیدت ہے اور جو محبّت اور سچے عقیدے کی نعمت سے محروم ہو گیا گویا کہ وہ ہر برکت سے محروم ہوا۔ تاجدارِ رسل صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا وہ جنت سے محروم ہوا۔ نیز فرمایا کچھ لوگ قیامت کے دن باوجودیکہ ان کو جنت کے لئے کہا جائے گا مگر وہ جنت کا راستہ بھول جائیں گے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا وہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا جو میرا نام سنکر درود شریف نہیں پڑھتے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



تعجب ہے ان مسلمانوں پر جو نہ صرف خود درود شریف نہیں پڑھتے بلکہ پڑھنے والوں کو روکتے ہیں۔ ان پر آوازے کستے ہیں۔ انہیں بدعات و منکرات کا مرتکب ٹھہراتے ہیں حالانکہ وہ خود صلوٰۃ و سلام کی برکات سے محروم ہیں اور صراطِ مستقیم کو بھولے بیٹھے ہیں۔ پس جو یہاں صحیح راستہ بھولے بیٹھے ہیں انہیں آخرت میں جنت کا راستہ کیسے سجھائی دے گا؟

حضور صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے اس سے بڑا کوئی بخیل نہیں۔ نیز ارشاد ہوا کہ جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اس نے صلوٰۃ و سلام پڑھنے سے انکار کیا تو وہ جہنمی ہے۔ مزید فرمایا کہ جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور اس نے درود شریف نہ پڑھا وہ بدبخت ہے۔

دونوں صورتیں اہلِ نظر کے سامنے ہیں۔ خدا بصیرت سے نوازے تو اوّل الذکر پر بالالتزام عمل کیجئے اور دوسری صورت سے بوسیلۂ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ سے پناہ مانگیں۔

دل چاہتا ہے کہ تفصیلی طور پر صلوٰۃ و سلام کے فضائل و مناقب رقم کئے جائیں مگر اسے کسی اور وقت کے لئے اٹھا رکھتا ہوں اور زیرِ نظر کتاب انوار الحق کی اشاعت سے متعلق ایک دو باتیں درج کرتے ہوئے کتاب مستطاب پیش کرنے کی سعادت حاصل کروں گا۔

یہ کتاب کیوں اور کیسے اشاعتی عمل میں آئی۔ اس سوال کا جواب مصنف علیہ الرحمہ کی زبانی درودوں کی کہانی میں ملاحظہ فرمائیں گے۔ انہی کا ذوق میری آپ بیتی میں بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ میں جن مرحلوں سے گذر کر یہاں پہنچا ہوں اس کی قدرے روئیداد کچھ اس طرح سے ہے:

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



"میری زندگی کے حسین ترین لمحات وہی ہیں جو دیارِ حبیب میں نصیب ہوئے۔ حرمین شریفین کی حاضری اور مقاماتِ مقدسہ کی زیارت ایسی نعمت کو حاصلِ زندگی سمجھتا ہوں، انہی حسین لمحوں کی یاد یہ کتاب انوار الحق ہے جو ہمارے زمانہ کے ایک ولیِ کامل اور عاشقِ رسول کے جذباتِ عشق کی ترجمان ہے جسے متن اور ترجمہ کے ساتھ پیش کرنے کی سعادت انجمن خدام احمد رضا کو حاصل ہو رہی ہے۔

ملت اسلامیہ کے نامور عالم اور پاکستان کے معروف خطیب حضرت مولانا سید محمد محفوظ الحق شاہ صاحب خطیبِ اعظم بوریوالہ سے ترجمہ کی استدعا کی گئی۔ موصوف نے نہایت شگفتہ محبت اور پیار سے لبریز روح پرور اور ایمان افروز ترجمہ، نہایت آسان سلیس اور رواں اردو میں فرمایا اور اشاعت کی نگرانی مولانا علامہ محمد منشا تابش قصوری خطیب جامع مسجد ظفریہ (مریدکے) کے سپرد کی، دیرینہ تعلق کی بنا پر ہی نہیں بلکہ سعادت ابدی کے حصول کی خاطر میری آواز پر انہوں نے لبیک کہی۔ الحمد للہ علی منہ وکرمہ کہ میری آرزوؤں کو تکمیل نصیب ہو گئی۔

ترجمہ کتاب جب کتابت کے مراحل طے کر چکا تھا تو تابش قصوری صاحب نے اصرار کیا کہ انوار الحق کو متن کے ساتھ شائع کرنے ہی سے خصوصی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں کیونکہ جن محبت بھرے کلمات اور صیغوں سے مصنف علیہ الرحمہ نے حضور سیدِ عالم نورِ مجسم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کمالات ومحاسن اوصاف ومحامد کو عربی سے مزین کیا ہے وہ ترجمہ میں نہیں آسکتے تھے۔

میں نے اصل کتاب ارسال کر دی تو انہوں نے مزید لکھا، اس عظیم الشان کتاب پر ابتدائیہ لکھا جاتے۔ ان کے سوال کا جواب میں نے جن کلمات میں ارسال کیا اس کا خلاصہ درج کئے دیتا ہوں تاکہ قارئین اس کے اشاعتی مقصد سے آگاہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ہوسکیں :

محترم جناب تابش قصوری صاحب
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ :۔

آپ کا ۳۰ مارچ کا نوازش نامہ موصول ہوا، خدا کا شکر ہے کہ کتاب کا اصل نسخہ آپ کے پاس پہنچ گیا، انشاء اللہ ہمارا پروگرام صحیح رہے گا یعنی مقررہ وقت تک کتاب تیار ہو جائے گی۔ ابتدائیہ کے متعلق میرے ذہن میں ۲ اپریل کو خیال آیا تھا اس کتاب کے ترجمہ کی تحریک کیوں ہوئی۔ وہ ابتدائیہ میں دینے کا خیال تھا۔

میں ۱۹۷۹ء میں عمرہ کر رہا تھا۔ طواف کعبہ کے دوران ایک حبشی یا سوڈانی نوجوان دیکھا جس کے ہاتھ میں یہ کتاب تھی۔ وہ ہر چکر میں اس کتاب کو پڑھ رہا تھا۔ چونکہ یہ عمل کچھ غیر معمولی سا تھا، میرے ذہن میں فوراً وہ واقعہ یاد آیا کہ ایک نوجوان خانۂ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے ہر قدم پر بجائے معمول کی دعاؤں کے صرف درود شریف پڑھتا جا رہا تھا۔ لوگوں کے استفسار پر اس نے بتایا کہ میں اور میرا باپ حج کے بعد گھر واپس جا رہے تھے تو راستے میں میرے باپ کا انتقال ہو گیا اور دیکھتے دیکھتے باپ کا منہ بالکل کالا ہو گیا اتنے میں ایک بزرگ تشریف لائے اور میرے باپ کے منہ پر ہاتھ پھیرا تو میرے باپ کے منہ سے ساری سیاہی جاتی رہی۔ اس پر میں بہت خوش ہوا اور ان بزرگوں سے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ تو انہوں نے بتایا کہ میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوں۔

دوسرا سوال کیا کہ آپ نے میرے باپ پر اتنی عنایت کیوں فرمائی؟ تو آقائے نامدار سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وسلم نے جواب مرحمت فرمایا کہ تیرا باپ بہت گنہگار تھا اس وجہ سے اس کا منہ کالا ہو گیا لیکن تیرا باپ مجھ پر کثرت سے درود بھیجتا تھا

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اس کثرتِ درود کی وجہ سے میں نے اس کے چہرے پر اپنا دستِ مبارک رکھا تو وہ ٹھیک ہو گیا۔

یہ واقعہ دیگر کتب کے علاوہ مولانا زکریا صاحب کی کتاب فضائلِ درود شریف میں موجود ہے۔ اس واقعہ کے پیشِ نظر میرا اشتیاق بہت بڑھا اور کتاب پر نظر ڈالی تو درود شریف کے صیغوں کے عجیب عجیب نگینے نظر آئے۔

میں نے اس سے کہا کہ یہ کتاب مجھے دیدو، تم اور خرید لینا لیکن اس نے انکار کر دیا، میں نے کہا جتنی قیمت ہے وہ لے لو، اس نے انکار کر دیا، میں نے کہا ۵۰، ۱۰۰، ۲۰۰ ریال جتنے لینا چاہتے ہو لے لو مگر وہ نہ مانا۔ بالآخر میں نے کتاب سے مکتبہ کا پتہ نوٹ کر لیا۔ یہ کتاب مصر سے چھپی ہوئی تھی۔

میں نے عمرہ سے واپسی کے فوراً بعد مصر خط لکھا مگر کوئی جواب نہ ملا۔ پھر ہر وہ آدمی جو بھی مصر جاتا اس سے درخواست کرتا کہ مجھے یہ کتاب لا کر دو، مگر جتنی دیر ہوئی اتنا ہی شوق بڑھتا گیا۔ ۱۹۷۹ء بھی بیت گیا، ۱۹۸۰ء بھی گذر گیا، ۱۹۸۱ء میں میری کمپنی کے مالک مصر جا رہے تھے، ان سے درخواست کی، وہ واپسی پر انجمن تلاوۃ القرآن، مصر والوں سے ملے انہوں نے اصل کتاب انوار الحق کے دس بارہ نسخے اور اپنی دیگر مطبوعات بلاقیمت دے دیں غرضیکہ تین سال تک کتاب کا شوق دل میں تڑپاتا رہا۔

خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے یہ خواہش پوری کر دی۔ اب دل میں شوق ہے کہ بنفسِ نفیس قاہرہ جاؤں اور مصنف کی آخری آرامگاہ پر جا کر خراجِ عقیدت اور سلام محبت پیش کروں اور ان کے حضور حاضری کا شرف حاصل ہو۔۔۔۔ یہ تھی تحریک کتاب کی اشاعت اور ترجمہ کے لیئے۔ میرے خیال میں یہی واقعہ اور فضائلِ درود شریف پر ابتدائیہ شامل ہونا چاہیئے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



باقی تعارفی خاکہ آپ کے حکم کے مطابق بھیج رہا ہوں لیکن واللہ ڈر ہے کہ ظالم نفس کہیں بڑائی، غرور یا نمائش میں مبتلا نہ ہو جائے۔ اور اس کی ویسے بھی ضرورت نہیں کیونکہ یہ ایک مشترکہ کام ہے۔ میری اپنی رائے ہے کہ میری ذات کو بیچ میں نہ گھسیٹا جائے یہ ان پاک لوگوں اور ہستیوں کا ذکر ہے کہ ہم جن کی خاکِ پا کے برابر بھی نہیں، ڈرتا ہوں کہ میرے نام آنے کی وجہ سے ان کی ارواح طاہرہ کو کراہت نہ ہو۔

انجمن خدام احمد رضا، روحانیت کا مقدس تحفہ پیش کرتی ہوئی ان تمام حضرات کی ممنون ہے جنہوں نے اس کی اشاعت میں کسی بھی طرح حوصلہ افزائی فرمائی مصنف علیہ الرحمہ کی روحانی قوت ہماری طرف مبذول رہے۔ حضرت مترجم مدظلہ، خصوصی دعا سے نوازیں، احباب و رفقاء خوش رہیں اور اہل سنت و جماعت اپنے معمولات و معتقدات کا تحفظ کریں۔

صوفی سلامت علی، صوفی محمد انور نے بھی اسی سلسلہ میں خصوصی کردار انجام دیا ہے اللہ تعالیٰ انہیں اور جملہ احباء کو دارین کی نعمتوں سے مالامال فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ افضل الصلوٰۃ واکمل التسلیم۔

محتاج:۔ محمد اکرم رضوی

صدر انجمن خدام احمد رضا بخاری سٹریٹ (ملتان روڈ) لاہور

۲۶/ رجب المرجب ۱۴۰۲ھ ۲ مئی ۱۹۸۲ء جمعۃ المبارک

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# معروضہ

انوار الحق فی الصلوٰۃ علیٰ سید الخلق سیدنا و مولانا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت کی سعادت احقر کو ایسے وقت میں نصیب ہوئی جب کہ بندہ روحانی و جسمانی مصائب میں مبتلا تھا غم و آلام کا تذکرہ اپنے قریب ترین رفقاء سے کرنا بھی مناسب نہ سمجھا جہاں کہیں احباب سے ملاقات ہوتی حسب معمول خندہ پیشانی سے ملتا تاکہ میری کسی بھی تکلیف کو محسوس کر کے ان کو پریشانی نہ ہو اس مقصد میں گو پوری کامیابی حاصل نہ کر سکا تاہم احباب کو میری تکالیف کا قطعاً علم نہ ہو سکا یوں سکون و اطمینان کا پردہ حائل رہا۔

انسان جب اپنے آپ کو بے یار و مددگار پاتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ بے کس پناہ میں عرض و معروض کا جو لطف آتا ہے اسے الفاظ میں نہیں بیان کیا جاسکتا پھر بندہ و مالک. غلام اور آقا کا اتنا حسین ربط ہو جاتا ہے جسے دوسرا نہ محسوس کر سکتا ہے اور نہ ہی اس کی معرفت حاصل کر پاتا ہے بس یہی وہ لمحات ہوتے ہیں جب مصائب و آلام راحت و اکرام کے مترادف بن جاتے ہیں میری بھی کچھ یہی کیفیت رہی اور اعتراف خطا کے ساتھ ساتھ دل کو یوں تسلی دیتا رہا۔

میری رات کی دعائیں نہیں جو قبول ہوتیں
میں سمجھ چکا یقیناً ابھی مجھ میں کچھ کمی ہے!

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



کمی کا احساس بھی روحانی زندگی سے عبارت ہے مگر جہاں کچھ بھی نہ ہو وہاں کمی کا گماں کیسا دل کو قران پاک نے یوں تسلی دی لاتقنطوا من رحمتہ اللہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیئے۔

اس کے دریائے کرم میں موج اٹھتی ہے ضرور
مانگنے والا کوئی دل سے پکارے تو سہی!

بس پھر کیا تھا۔ نہ جانے دل کی پکار کو قبولیت کی دولت کب سے حاصل ہو چکی تھی کہ برادر دینی و یقینی حضرت مولانا صوفی محمد اکرم صاحب رضوی ایم، اے سی، اے نے انوار الحق ایسی عدیم النظیر اور بابرکت کتاب کے ترجمہ پر نظر ثانی کا ارشاد فرمایا یوں مجھے پریشانیوں سے نجات کی ایک پرنور راہ دکھائی دی۔ الحمد للہ! مجھے اس بابرکت کتاب کا خاصا فیض ملا۔

ترجمہ کی روانی میں محبت کی فراوانی اور عشق کا ایمان افروز منظر دلکش سماں عیاں دیکھا پیار بھرے کلمات نے متن کی راہ دکھائی فصیح و بلیغ عربی جملے بہار پر بہار دکھا رہے تھے

عارف جلیل، ولی کامل حضرت مولانا سید عبدالمقصود محمد سالم علیہ الرحمتہ کے عشق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جلوے نظر آئے عجیب و غریب الفاظ سے درود و سلام کو مرصع کیا گیا ہے جسے پڑھتے ہوئے انسان اپنے ایمان میں کیف و سرور محسوس کرتا ہے اور

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



بلاشبہ محبت سے ان کلمات کو وظیفہ بنانے والا ایماندار حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے فیض یاب ہوسکتا ہے درودوں کی کہانی میں مصنف نے بڑی احتیاط سے چند باتیں تحریص و تشویق کے طور پر درج کی ہیں جسے ایماندار پڑھ کر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھنے کے لئے یقیناً مستعد ہو گا آخر میں مصنف علیہ الرحمہ کے خلیفہ ارشد اور داماد پر اعتماد نے بھی چند دردمند الفاظ درج کر کے خصوصی کرم فرمایا ہے علمائے اسلام میں سے دو فضلاء نے تقاریظ لکھ کر کتاب کو سند کی حیثیت سے قبول کیا ہے حضرت مترجم دامت برکاتہم کا ترجمہ اہل عشق کے لئے گرانقدر نعمت ہے، حقیقت میں یہ جملہ انعامات تاجدار عرب و عجم سید عالم نور مجسم رسول مکرم نبی محترم جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی طرف سے ہیں۔

لہٰذا اس بابرکت جماعت یعنی مصنف، ناشر، مؤید، محرک کے دامن کے ساتھ لپٹ کر سراپا خطاکار محمد منشاء تابش قصوری بارگاہ رسالت میں عرض گزار ہے کہ حضور! میرے ناگفتہ بہ احوال درست فرمائیے، عبادت کا شوق عمل کی مضبوط راہ اور دریائے عشق و محبت سے ایک قطرہ مرحمت فرمائیے۔

شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا

آخر میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ عطا میں دعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ جل

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



جلالہ صوفی محمد اکرم، ڈاکٹر طاہر قادری، صوفی محمد انور، صوفی سلامت علی، صوفی امانت علی، راجا رشید محمود اور جملہ اراکین و معاونین انجمن خدام احمد رضا کو اپنی پیہم نوازشات سے بہرہ ور فرما، جنہیں اس کتاب کی اشاعت کی تو نے توفیق مرحمت فرمائی اور اس اشاعت کو شرف قبول سے نواز آمین۔

بجاہ رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ و صحبہ وبارک وسلم

محتاج دعا:۔ محمد منشا تابش قصوری

خطیب جامع مسجد ظفریہ مریدکے (رجب المرجب ۱۴۰۲ھ)۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# سیدی یارسول اللہ

## یا محمد صلی اللہ علیک وسلم

اے عالم وجود کے جوہر اور آئینہ ظہور کائنات، اے عالم موجودات کے سورج اور اس کے نور کے طاق، درود شریف کے ان صیغوں کے معانی آپ کی روح پاک کی طرف سے ہی میرے دل میں ڈالے گئے اور انہیں اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے آپ ہی کی معطر دہلیز پر ہدیہ پیش کرتا ہوں اور آپ پر سلام ہو اے نبی اور اللہ کی رحمت۔

الخادم للمخلصین الامیں، عبدالمقصود محمد سالم

ربیع الاول شریف ۱۳۶۸ھ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# گذارش

قارئینِ کرام!          السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'۔

سلام کے بعد گذارش ہے کہ بڑی عبادات اور افضل طاعات میں سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا ہے تو اے میرے دوست' اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں مَیں تجھ سے امید کرتا ہوں کہ ان درودوں کی تلاوت کے وقت تو اپنی عادت و علامت بنالے کہ گویا تو انہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار میں حاضر ہو کر عرض کررہا ہے اور تو اس حاضری کے جمال اور اس روحانیت کے جلال کا تصوّر اپنے ذہن میں جمالے اور یقین کرلے کہ ان کی روح انور تیرے پاس ہے اور ان کے انوار تجھ پر جلوہ ریز ہیں، پھر باطنی پاکیزگی اور نورِ بصیرت سے تو ان کے جمال پُر انوار کو دیکھنے کا شرف حاصل کرلے گا نیز حضور علیہ السلام سے گفتگو کا شرف پائے گا اس اعتقاد سے کہ تو اُن سے بغیر پردہ کے مخاطب ہے، اس وقت پردہ اُٹھ جائے گا اور تو ان کی طرف سے جواب کی سعادت حاصل کرے گا اور بلاشک وشبہ ان کے خطاب سے لذت پائے گا اور اپنے دل میں اس شعور کو پیدا کرنے کے لئے اپنے نفس کو ریاضت میں ڈال تاکہ تو اپنے نفس پر چمکنے والے انوار پر قابض ہوجائے اور تو حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرے، عالمِ بیداری میں نہیں تو خواب ہی میں سہی۔

(حدیث) اللہ تعالےٰ نے کچھ فرشتے ایسے مقرر کر رکھے ہیں جو مجھے میری امّت کا سلام پہنچاتے ہیں اور یہ کیوں نہ ہو جبکہ تو ہر روز اپنی نماز میں کئی کئی بار ان سے مخاطب ہوتا

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ہے اور عرض کرتا ہے: السلام علیک ایھاالنبی ورحمتہ اللہ برکاتہ اور یہ نہیں مگر اس لئے کہ تو ایسی روح پاک سے مخاطب ہے جو کہ بیدار، حاضر جاننے والی اور درود شریف پڑھنے والوں کے درودوں کو سننے والی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے حضور مخاطبت قیل و قال، فلسفہ اور کثرت جدال سے نہیں ہوتی بلکہ ہمیشہ اطاعت کرنے، حالات پر توجہ رکھنے، خیرات کرنے، بیدار رہنے، آنسو بہانے اور اعمال صالحہ اپنانے میں ہے۔

پس بے شک اللہ تعالیٰ کا آسمان چمکتا ہے جس سے امید کی کرنیں بکھر رہی ہیں اور جب تو اس شعور کو حاصل کرنے اور اس نور کو پانے میں عاجز ہو جائے تو استغفار کے پانی سے گناہوں کے غبار کو دھو ڈال اور مشاہدہ اسی قدر حاصل ہوتا ہے جتنا مجاہدہ ہو، تو دروازہ کھٹکھٹا پردہ اٹھ جائے گا اور مجاہدہ کر عجیب اسرار دیکھے گا۔

یہ تیرے رب کی عطا ہے آگے کسی پر احسان کر یا روک کوئی حساب نہیں۔

دار جماعت تلاوت القرآن الحکیم قاہرہ عبدالمقصود محمد سالم

ماہ ربیع الاول شریف ۱۳۹۹ھ ۲۹ جنوری ۱۹۷۹ء

بانی جماعت تلاوت القرآن الحکیم

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# درودوں کی کہانی

ان درودوں کا ایک واقعہ ہے خدا گواہ ہے کہ میرا اس راز کو کھولنے کا ارادہ نہیں تھا کیونکہ مجھے اس سے زیادہ کوئی شے پسندیدہ نہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کے ان لشکروں کا ایک غیر معروف سپاہی بن جاؤں جو لوگوں میں مشہور ہونے پر خدا کے حضور متعارف ہونے کو ترجیح دیتے ہیں۔ کیونکہ اصل مقصد اللہ تعالیٰ اور اس کی کتاب کی طرف لوگوں کو بلانا ہے اور اس کے نبی علیہ السلام اور اس کے دوستوں کی طرف متوجہ ہونا ہے۔ چاہئے کہ ہم تاریخ کی گزشتہ نصف صدی کی طرف لوٹیں۔ کیونکہ زمانے کا پہیہ تیز گردش سے نہیں رکتا اور جب وہ کسی توقف اور مہلت کے بغیر چلتا ہے تو لوگ بھی زمانے کی سواری میں اسی طرح چلتے ہیں تاکہ اس سفر سے زندگی کا سبق اور وجود کی حکمت حاصل کریں

تو کتنی جلدی سال گزر رہے ہیں اور دنوں کے صحیفے لیٹ رہے ہیں اور اسی لئے تو مجھے دیکھتا ہے کہ میں مجبور ہوں کہ کچھ اختصار میں اچکتی ہوئی نظر ڈالوں اور میں زمانے کے ساتھ ۱۳۳۷ھ بمطابق ۱۹۱۸ء کے موسم سرما کی سخت طوفان اور بارش والی ٹھنڈی اور اندھیری رات کی طرف لوٹتا ہوں جب کہ میں اس وقت پولیس میں

87676

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



سپاہی تھا۔ رات کے پہرے پر شام ۱۱ بجے سے صبح ۷ بجے تک میری ڈیوٹی تھی۔ جب رات گھرے اندھیروں میں عالم وجود کو لپیٹ لیتی تھی تو اسے سخت سردی بھی آڈھاپتی تھی اور میں آنے جانے میں رات کاٹتا۔ سیکنڈ، گھنٹوں میں اور منٹ سالوں میں گزرتے اور میں اس سخت طوفانی وقت میں زندگی کے خواب غفلت سے بیدار ہوا اور میں نے اس گھڑی سے زندگی شروع کی اور میں نے ماضی کے متعلق سوچا تو اسے چھوڑ دیا اور حال کے متعلق تدبیر کی اور مستقبل سے میں خائف تھا اور میں نے اپنے آپ کو خوب مشقت میں ڈال کر سوچا کہ میں اس زندگی میں کیا کروں اور یہ مختصر سی عمر باوجود اس طویل رات کے کیسے گزاردوں۔

تو مجھے دو گھرے غیب کے پردے سے ایک روحانی آواز نے پکارا اے حیران انسان قرآن پاک کی طرف آ، تو میرے دل نے اس آواز کو قبول کر لیا اور میں نے ایک جلوۂ نور محسوس کیا جو کہ میری اطراف قلب کو روشن کر رہا تھا اور اس وقت سے میں نے قرآن پاک کو اپنی تنہائی کا مونس اور وحشت کا ساتھی بنا لیا اور میں نے اللہ تعالیٰ اور قرآن پاک کی طرف راحت واطمینان محسوس کیا۔ پس میں نے سورۃ سجدہ کو زبانی یاد کیا۔ مجھے معلوم نہیں کہ میں نے یہ سورۃ کیسے یاد کی اور نہ یہ کہ خاص اسے میں نے کیوں چنا اور ایک دفعہ میں اسے نماز میں پڑھ رہا تھا کہ مجھے فقہا میں سے ایک شخص نے سنا اور مجھے اس وقت

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



تک کے لئے پڑھنے سے روکا جب تک کہ میں کسی فقیہ کو سنا لوں اور اللہ تعالیٰ نے مجھ پر آسانی فرمائی کہ میں نے بعض چھوٹی سورتیں ایک فقیہ سے یاد کر لیں اور میں زبان۔ دل اور وجدانی کیفیت کے ساتھ پڑھتا تھا اور اس وقت میرے دل میں حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کا ذوق پیدا ہوا تو میں نے درود شریف کو وظیفہ بنا لیا اور میں نے گنتی کے ساتھ شروع کیا اور اللہ تعالیٰ کی توفیق و کرم سے ایک ہزار مرتبہ صبح اور اسی قدر شام کو میرا ورد تھا اور دن گزرتے گئے اور میرا ٹیلیفون کے عامل کی حیثیت سے تبادلہ ہو گیا۔

اب میرے پاس کافی وسیع وقت تھا تو میرا ورد ایک ہزار سے بڑھ کر ۵ ہزار ہو گیا اور میں ہر پندراں دن میں دو دن آرام کرتا تو ان دونوں میں ۲۴ گھنٹوں کے دوران میرا ورد ۱۴ ہزار تک بڑھ گیا۔

اے پڑھنے والے مجھے یوں معلوم ہوتا ہے کہ آپ درود شریف کا وہ صیغہ پوچھ رہے ہیں جس کے ساتھ میں اتنی زیادہ تعداد میں درود شریف پڑھ لیتا تھا۔ تو آپ کو میرا جواب یہ ہے کہ بڑے سے بڑا ورد یہ تھا

اللھم صل علی سیدنا محمد النبی الامی وعلی الہ وصحبہ وسلم اور صلی اللہ علی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم، ورنہ اس مختصر وقت میں اتنی زیادہ تعداد میں نہیں پڑھ سکتا تھا اور اسی دوران مجھ پر عجیب طرز اور الفاظ والے درود شریف غالب آتے اور میں انہیں اپنے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



دوستوں پر پیش کرتا تو وہ اس سے خوش ہوتے اور جمع کر لیتے اور زبانی یاد کر لیتے اور ان حالات کے پیش نظر میں اکثر خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوتا یہاں تک کہ میں ایک رات میں ایک بار سے زیادہ مرتبہ زیارت سے بہرہ ور ہوتا اور میرے نزدیک ان میں سے بعض زیارتوں کو تکبر اور فخر کے لئے نہیں بلکہ نصیحت اور عبرت کے لئے بیان کرنے میں کوئی ڈر نہیں۔ اور میری تصدیق کر اور مجھے تصدیق ہی کی امید ہے کہ میں وہی صورت بیان کر سکتا ہوں

جو کہ میری روح کے خیال میں محفوظ اور میرے دل کے آئینہ میں منقش ہے اور مقام نبوی شریف علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم کی مثل بننے سے شیطان کے عاجز ہونے کے بارے میں کوئی جھگڑا نہیں کر سکتا کیونکہ خود سید عالم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا "جس نے مجھے خواب میں دیکھا تو اس نے برحق مجھی کو دیکھا کیونکہ شیطان میری مثل نہیں بن سکتا" تو یہ خوابیں اگر کسی چیز پر دلالت کرتی ہیں تو صرف اسی ایک امر پر اور وہ ہے حق کی جانب سیر اور طریق اطاعت اور اخلاق کی پاکیزگی اور استقامت۔

تو ان خوابوں میں سے ایک میں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے پوچھا کہ سب سے افضل کونسا عمل ہے تو آپ نے فرمایا کہ افضل الاعمال یہ ہے کہ نماز کی اس کے وقت میں انتظار کرنے۔

اور ایک دوسری خواب میں مجھے حکم دیا گیا کہ میں نہ سوؤں مگر اللہ تعالےٰ کے ذکر پر اور کئی دفعہ میں بیمار ہوتا ہوں تو آپ تکلیف کی جگہ پر اپنا دست مبارک رکھ دیتے ہیں تو اللہ تعالےٰ کے حکم سے فوراً شفا ہو جاتی ہے اور مجھ پر اللہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



تعالیٰ کا یہ بھی فضل ہے کہ میں نے اچھے خاتمے کی نیت سے حضور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ مل کر سورۂ فاتحہ پڑھی اور ایسا بھی ہوا کہ زمانۂ طویل تک حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت مجھ سے منقطع رہی تو اس کی وجہ سے بہت غمگین ہوا، پھر میں نے آپ کی زیارت کی، آپ فرما رہے ہیں تو کیسے غمگین ہے؟ حالانکہ میں تیرے ساتھ ہوں، یہ میں تیرے ساتھ ہوں اور کئی مرتبہ ایسا فرمایا۔

اور ایک مرتبہ میں نے آپ سے عرض کی، کیا آپ میرے شفیع ہیں؟ فرمایا میں تیرا شفاعت کرنے والا اور ضامن ہوں اور ایک دفعہ میں نے آپ کو حضراتِ انبیائے کرام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے درمیان دیکھا چونکہ میں ان کے درمیان حضور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو پوری طرح پہچان نہ سکا، تو میں نے اُن سے عرض کی کہ آپ میں میری شفاعت فرمانے والے کہاں ہیں؟ تو حضور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا یوں کہہ کہ "میرے ضامن کہاں ہیں"

اور کئی دفعہ میں مشکلات اور تنگیوں میں گھر گیا تو آپ مجھے حوصلہ دلاتے اور صبر کرنے اور صبر کے ساتھ مصائب پر غالب آنے اور بے قرار اور بے چین نہ ہونے کی ہدایت فرماتے تھے۔

اور ایک اور خواب میں میں نے آپ سے عرض کی کہ آپ ہمیشہ مجھ پر اپنی زیارت کا احسان فرماتے رہیں تو آپ نے فرمایا کہ مجھے اپنے اعمال کے اندازے کے مطابق دیکھے گا۔

اور ایک دفعہ میں نے آپ کو ایسی صورت میں دیکھا کہ جو مجھ پر مشتبہ ہوگئی تو میں نے وضاحت کے لئے عرض کی، کیا آپ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) نہیں ہیں؟ تو آپ نے فرمایا کہ تو خود عبد المقصود نہیں ہے؟ تو مجھے معلوم ہوا کہ اصل میں میں ہی بدلا ہوا ہوں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



قصہ مختصر! میں نے جب بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف کا وسیلہ اللہ سبحانہ، کی بارگاہ میں پیش کیا تو بخیتہ امداد فوری مشکل کشائی، حاجت روائی اور توفیق کثیر نصیب ہوئی۔

اور اللہ کا شکر اور اس کی نعمت کا بیان ہے کہ مجھے اللہ تعالٰے نے ایک رات اپنے حضور کھڑے ہونے کی عزت عطا فرمائی جس میں میں بہت مغموم و پریشان سو رہا۔ میں اس کے جلال میں غرق ہو گیا اور اس کے انوار و تجلیات میں محو، اور میں نے خواب میں دیکھا کہ میں حق سبحانہ، کی بارگاہ میں مناجات کر رہا ہوں اور عرض کرتا ہوں کہ اے میرے رب کیا تو مجھ پر راضی ہے؟ تو میں نے یہ عظیم قدسی کلمہ سنا کہ "میری دی ہوئی مصیبت پر تیرا راضی رہنا یہ میری عین رضا ہے"۔

اور کئی ایک ایسی ہی خوابوں میں زیارتیں ہوئیں کہ میں اس خطرے کی وجہ سے اُن کے بیان سے قلم کو روکتا ہوں کہ کہیں اُن کے نشر کرنے سے جو میرا مقصد ہے اُس کے خلاف کوئی نتیجہ اخذ نہ کر لیا جائے اور وہ مقصد ہے اللہ تعالیٰ کی نعمت کو بیان کرنا" اپنے رب کی نعمت کو بیان کر" اور تاکہ اے پڑھنے والے! تجھے محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف لے جاؤں جو کہ تجھے اللہ تعالیٰ کی محبت تک پہنچا دے اللہ تعالٰے نے فرمایا" تم فرماؤ اگر تم اللہ تعالٰے سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو، تمہیں اللہ محبوب بنا لے گا"

اور یہ حال مجھ پر اسی طرح رہا یہاں تک کہ ۱۳۴۴ھ/۱۹۲۵ء آگیا جس میں مجھے ٹیلیفون مرکز کفر الزیات میں بطور عامل بدل دیا گیا اور ایک مدت کے بعد مجھے قلم المرور میں بدل دیا گیا، پھر قلم المباحث میں اور یہ انقطاع کا وقت جاری رہا، بدون اس کے کہ وہاں اطاعات میں کوئی روحانی ذوق ہو اور میں ایک وقت سے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



دوسرے وقت پر بدل کر درود شریف پڑھتا رہا اور زمانہ بغیر توقف اور مہلت کے چلتا ہے۔

پھر میں مرکز زفتی میں ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۸ء (بلوک امین) میں منتقل کر دیا گیا اور دن کتنی جلدی اور سال کتنی سرعت سے گزرتے ہیں اور یہ درود شریف میرے دل میں رچے ہوئے اور میرے ذہن میں لٹکے ہوئے ہیں یہاں تک کہ مطانی سلنطا کی طرف ۱۳۴۸ھ/۱۹۲۹ء میں منتقل ہوا تو میں کافی مدت تک چھوڑے رکھنے کے بعد پھر ان درودوں کی طرف لوٹنے کا جذبہ پاتا ہوں، فلک اپنا دورہ کرتا رہا۔

پس میں ۱۳۴۹ھ/۱۹۳۰ء میں جیزہ کے اس ادارہ میں منتقل ہوا جو کہ نوعمر مجرموں کے لئے اصلاحی اور تربیتی ادارہ ہے اور کچھ وقت کے بعد میں بکھرے ہوئے اوراق سے درود شریف جمع کرنے لگا اور جو کچھ میرے حافظہ میں موجود تھا،

اور اس جمع کرنے کے دوران میں نے حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ ایک کھلی جگہ میں لوگوں کو دائیں بائیں کچھ تقسیم فرما رہے ہیں اور میں آپ کے دائیں جانب کھڑا تھا تو آپ نے میری طرف دیکھا کہ گویا جو کچھ میرے جی میں تھا آپ نے اسے بھانپ لیا کہ میں دوسروں کی طرح چاہتا ہوں کہ مجھے کچھ عطا ہو تو آپ نے فرمایا کہ میں نے تجھے ایک ورقہ دے دیا جس میں سب کچھ ہے تو میں نے اس سے سمجھا کہ یہ ان درودوں کی طرف اشارہ ہے۔

اور ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۸ء میں میں نے آپ کو ایک طویل خواب میں دیکھا کہ اس کے دوران آپ مجھے فرما رہے ہیں کہ تو کیا چاہتا ہے؟ تو میں نے عرض کی کہ میں چاہتا ہوں کہ آپ ان درودوں پر نظر فرمائیں؛ تو آپ نے قبول فرمایا اور فرمایا کہ میں نے انہیں دیکھ لیا۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



پھر میں ان کی موجودہ حالت پر انہیں لکھنے اور ترتیب دینے میں لگ گیا اور چند مہینوں کے بعد ایک اور خواب میں میں نے آپ کی زیارت کی اور آپ سے ان کی طباعت کا اذن مانگا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "انہیں چھاپ دے"

یہ ہے دردِ دل کا واقعہ، اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام، اس کے نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے اجازت اور علوی فیض ہے، اس میں میری کوئی فضیلت نہیں اور نہ ہی ان حالات کا مقابلہ کر سکتا ہوں، ایک جلوہ ہے کہ عنایتِ خداوندی نے اس سے میرے دل کو روشن فرمایا تو یہ فیض میری زبان پر جاری ہو گیا اور میں نے پہلی مرتبہ کی طباعت میں ذکر کیا تھا کہ اس کی طباعت ایسی حالت میں ہوئی جس کا ذکر کرنا حکمت کے خلاف ہے اور اس کے پہچاننے کا تجھے شوق ہوگا کیونکہ وہ نصیحت سے خالی نہیں جب کہ یہ لوگوں کی دنیا میں اچھی مثالوں اور کارخیر میں اچھے نمونہ سے خالی نہیں اور گفتگو میں احتیاط کے ساتھ میں تیرے لئے ان بعض واقعات سے پردہ اٹھاتا ہوں جو اس کی طباعت کے معاملہ میں رونما ہوئے۔

اس کی طباعت کا اذن طلب کرنے والی خواب کے بعد ایک شخص آیا جو اجنبی تھا، میرے اور اس کے درمیان گفتگو کے بعد اس نے دردِ دل کی کتاب کی اشاعت کے کام کا اہتمام کیا اور میں نے کتنے حیلوں سے اس کے نام اور ذات کو معلوم کرنا چاہا لیکن اس نے انکار کیا اور کہا "میں نہیں چاہتا کہ مجھے میرے رب کے سوا کوئی پہچانے" اور شاید بعض لوگ خیال کریں کہ یہ گفتگو محض خیالی اور وہمی ہے لیکن مجھے حق کے لئے ہمیشہ حق کہنے کی عادت ہے۔

رہی دوسری مرتبہ کی اشاعت تو اس کی کہانی اور زیادہ عجیب و غریب ہے۔ جب پہلی اشاعت ختم ہو گئی تو مجھ سے بکثرت مطالبہ کیا گیا اور لوگ اس بات

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



کی تصدیق نہیں کرتے تھے کہ وہ ختم ہو چکی ہے اور میں اس کے دوبارہ چھاپنے کے متعلق حیران تھا کہ میرے پاس ایک اجنبی شخص آیا جو پہلے کی بجائے کوئی اور تھا، ایک چادر اور طاقیہ (بغیر گریبان کے ایک لباس کا نام) زیبِ تن کیئے ہوئے تھا اور اس کی ذاتی حالت اس پر شفقت کی طالب تھی اور میرے اور اس کے درمیان بڑی نادر اور عظیم گفتگو کے بعد اس نے دوسری اشاعت کے تمام اخراجات برداشت کیئے اور میں اس کی بھی ذات اور نام کو معلوم نہ کر سکا۔

رہی تیسری اشاعت تو اس کے تمام اخراجات الحاج احمد حسین الشرلی نے رضائے خداوندی کے لیئے برداشت کیئے اور انہوں نے کئی مرتبہ مجھے ان کے نام کو ذکر کرنے بلکہ اشارہ کرنے سے بھی منع فرمایا، اللہ تعالےٰ انہیں بہترین جزاء دے اور اجرِ عظیم عطا فرمائے۔

رہی چوتھی اشاعت تو اس کی طرف اشارہ کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ کاغذ اور طباعت کی ایسی حالت تھی کہ اسے بارگاہِ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بطور ہدیہ پیش کرنا صحیح نہیں اور اگر الحاج احمد الشرلی نے، اللہ تعالےٰ انہیں عزت عطا فرمائے، اس کے امر کا تدارک نہ فرمایا ہوتا اور کئی قسموں سے اس کا اہتمام نہ کیا ہوتا تو ہم اسے نشر نہ کر سکتے اور نہ ہی اسے تقسیم کر سکتے۔

اور پانچویں اشاعت اللہ تعالےٰ کے فیض اور اس کی توفیق اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکت سے تھی اور ہمیں اللہ تعالےٰ کی بارگاہ سے امید ہے کہ وہ اس کی اشاعت کا ہمیشہ اہتمام فرماتا رہے گا اور چاہیئے کہ ہمیں کوئی دہشت اور اجنبیت محسوس نہ ہو کیونکہ یہ سب کچھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف کی برکت سے ہے تو یہ آپ پر درود شریف کی برکت ہی ہے کہ میں نے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



پولیس اسیوط کا سپاہی ہونے کے باوجود اسے تحریر کیا اور میں نے اسے طبع کیا جبکہ میں کمزور رہوں اور کئی دفعہ اس کی اشاعت کا تکرار کردوں گا جبکہ میں ملازم ہوں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف کی برکت سے ہے کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے جماعت تلاوۃ القرآن الحکیم کی ۱۹۴۲ء میں بنیاد رکھنے کی توفیق عطا فرمائی اور سورۂ فاتحہ، یٰسین، الرحمٰن، الواقعہ، الملک، الجن، ق، السجدہ، الدخان، لقمان، الفتح، النور، یوسف، مریم، الکھف، النمل، یونس اور الاسرار کی تفسیر لکھنے، رسالۃ الارواح اور کتاب قطف الازہار کی توفیق مرحمت فرمائی حالانکہ میری مہارت اور تجربہ اس میں سے کسی چیز کا بھی اہل نہیں بلکہ یہ سب کچھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کی برکت ہے اور یہ تمام مطبوعات تمام اسلامی ممالک میں تقسیم ہو رہی ہیں اور یہ بعض فضائل ہیں حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کے جنہیں ذکر کرنے کا خیال آیا اور یہاں مجھے یہ ذکر کرنا بھی بھولا نہیں کہ میں نے اکابرین وقت کی خدمت میں طریق قوم کا سلوک کیا، اللہ تعالےٰ ان سے راضی ہو اور ہمیں راضی فرمائے۔

جو کچھ زیادہ چاہے تو اسے کتاب " فی ملکوت اللہ مع اسماء اللہ " کی طرف رجوع کرنا چاہئے اور میرے دوستوں میں سے کسی نے اس مقدمہ کو پڑھ کر میرے کان میں کہا کہ تونے جو خوابیں ذکر کی ہیں یہ تو اسرار کی وہ باتیں ہیں جن کا ذکر مناسب نہیں تو میں نے اس کے کان میں کہا کہ نورِ محمدی کی ذات کے حق کی قسم کہ میں نے جو کچھ ذکر کیا یہ اسرار نہیں جبکہ میں نے تجھ سے کہہ دیا کہ میرا مقصد مسلمان کو اس کے رب کی اطاعت اور اس کے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کی طرف راغب کرنا ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



بلاشک مجھے علم ہے کسی شخص کا ایمان کامل نہیں ہوتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لئے وہی پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ لوگوں میں ایسے مردانِ میدان بھی ہیں جن کے دلوں کے آسمان صاف اور ان کے نفسوں کی زمین روشن ہوتی ہے تو وہ اپنی ارواح کی بیداری میں اپنے نبی صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو عالمِ بیداری میں دیکھتے ہیں نہ کہ خواب میں اور آپ سے اپنے حالات کی درستی کے متعلق سوال کرتے ہیں تو آپ انہیں ان امور کی طرف ہدایت فرماتے ہیں جن میں انکی دنیوی اور اخروی سعادت ہو، تو میرا ساتھی خاموش ہو گیا اور مجھ سے مزید کچھ مانگا تو میں نے اس سے کہا کہ آپ مجھے اسرار چھپانے کا کیسے حکم دیتے ہیں حالانکہ آپ مجھ سے مزید مانگتے ہیں تو اس نے طلب میں مبالغہ کیا تو میں نے کہا اس گفتگو کو بصیرت و ذوق اور انوار و اسرار والے ہی سمجھ سکتے ہیں۔

یہاں میں نے اپنے ساتھی کو چھٹی طباعت کے وعدے پر چھوڑ دیا، وہ آیا اور اس نے منقطع گفتگو کو ملانے کا مطالبہ کیا اور کافی بحث و تمحیص کے بعد میں نے اسے کہا کہ جب حقائق کو چھپانے کا معاملہ طویل ہو چکا تو ایک دن ان کا ظہور ضرور ہو گا اور جبکہ میرا دوست کلام کو چاہنے والوں میں سے تھا۔ میں نے اس سے کہا کہ ہمیں اعمال کی ضرورت ہے اقوال کی نہیں تو اس نے کہا مجھے مزید معرفت عطا کریں۔ میں نے کہا کہ ہمارے پاس معرفت قرآنِ پاک کے راستہ کے بغیر نہیں آسکتی تو اس نے کہا کہ یہ تو کافی نہیں۔ میں نے کہا ہمارے پاس حکمت، خاموشی، شب بیداری، روزہ رکھنے، نیکی کرنے اور فقیروں، بیوگان اور یتیموں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے سے آتی ہے اور دوسری بار میں تجھے عمل کی اور بے مقصد گفتگو ترک کرنے کی تاکید کرتا ہوں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اس نے کہا مجھے کچھ اور بھی بتائیں تو میں نے کہا اپنے لئے قرآن پاک سے ورد مقرر کر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھ جتنا ہو سکے اور ان سب سے پہلے مساکین پر صدقہ کر اگرچہ آدھی روٹی ہو اور بات ختم ہوگئی لیکن میرا دوست اپنی عادت کے مطابق معرفت چاہتا ہے اور مزید مانگتا ہے تو میں نے اسے کہا معرفت کا سب کچھ کہا بھی نہیں جاتا اور نہ یہ کہ جو کچھ کہا جائے اس کا وقت بھی آگیا ہو اور نہ ہی یہ کہ جس کا وقت آگیا اس کا مستحق موجود ہو اور میں نے اس سے قرآن پاک کی تلاوت کا مطالبہ کیا اور یہ کہ خیرات کرے اگرچہ آدھی روٹی ہو اور اس کے بعد وہ ساتویں اشاعت میں باقی بات پوری کرنے کے لئے آئے اور لیجئے یہ ساتویں اشاعت ہے اور میرا ساتھی باقی بات کو پورا کرنے کے لئے ابھی تک نہیں آیا۔

تعجب ہے کہ مدت لمبی ہوگئی اور غالب گمان یہ ہے کہ وہ ہرگز نہیں پلٹے گا، کس لئے بھاگتا ہے؟ کیا روزی میں سے نصف روٹی کی وجہ سے کہ اسے مسکین یا یتیم پر خیرات کرے تاکہ وہ اللہ تعالٰی کے نزدیک خیرات کرنے والوں کے دفتر میں لکھا جائے یا اس تکلیف کی وجہ سے جو میں نے اسے قرآن پاک کی بعض آیات کی تلاوت کے لئے دی ہے کہ وہ ذاکروں کے دفتر میں لکھا جائے۔ بیشک خیرات ایک سواری ہے جو کہ سفر خرچ کو آخرت تک پہنچاتی ہے اور اللہ کریم ہے، سخاوت اور اچھے اخلاق کو پسند فرماتا ہے اور اسی طرح ہر شخص کو ہماری کتابوں کا دیکھنا حرام ہے جسے ہمارے جیسا ذوق نہیں کیونکہ جب تک وہ ظن وتخمین میں ہے اس کا یقین میں کوئی حصہ نہیں۔ کیا میرا ساتھی بھول گیا کہ اللہ تعالٰی نے فرمایا " صلہ ان کے اعمال کا " نہ کہ ان کے فہم اور گفتگو کا۔ بے شک اللہ تعالٰی کی ملکوتی نعمتیں سونے والوں کو نہیں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



دی جائیں اور پوری خرابی ہے اسے جو غافلوں کی صحبت اختیار کرتا ہے، بے شک میرا ساتھی جانے والوں کے ساتھ چلا گیا اور اسی وجہ سے اسرار، امانت والے بہتر لوگوں کے سوا کسی کے لئے مباح نہیں اور یہاں تک کہ پورا ہوا جس کا لکھنا اللہ تعالٰی نے ہم پر آسان فرمایا یہاں تک کہ اب آٹھویں اشاعت میں ان شاء اللہ تعالٰی عظیم ملاقات کا احسان فرمائے گا اور یہ آٹھویں اشاعت ہے۔

پھر مجھ سے منقطع گفتگو کو ملانے کا مطالبہ کیا گیا تو میں نے اپنے حافظے میں کسی ایسی چیز کو کریدا جسے لکھوں لیکن لکھنے کو کچھ نہ ملا اور قلم نے نافرمانی کی حالانکہ اس کی ہمیشہ میرے ساتھ اطاعت کی عادت ہے۔ پھر مجھے اونگھ سی آ گئی میں نے ایک شکل آتی ہوئی دیکھی تو میں نے کہا تو کون ہے، اس نے کہا میں تیری طبع سلیم ہوں اور چونکہ میں سمجھ نہ سکا اس نے کہا میں تیری روح ہوں جو تیرے دو پہلوؤں کے درمیان ہے۔ میں نے کہا تجھ پر اللہ کا سلام ہو اے وہ جو میں ہوں اور میں وہ۔

تجھ پر سلام ہو اے وہ ذات کہ تو وجود کے لئے ظاہر ہوا، جب ظاہر ہوا مجھے وہ سکھا جو میں نہیں جانتا اور مجھے وہ دکھا جو میں نے نہیں دیکھا۔ اے پردہ چھپنے والی روح مجھے انس عطا کر۔ پھر میں خوب رویا اور رونے میں کتنی راحت اور فرحت ہے تو اس نے مجھ پر سلام لوٹایا پھر کہا تو کیوں روتا ہے۔ کیا تجھے دو پہلوؤں کے درمیان رونا کافی نہ ہوا۔ دل کی پاکیزگی اور نفس کی صفائی کو اپنے اوپر لازم کر اور جو کچھ کھو گیا خیالوں میں اس کے پیچھے نہ لگو اور اپنے دل کو آنے والے کے متعلق مشغول نہ کر اور دنیوی مظاہر کا اہتمام نہ کر اور مسکرا، تیرے ساتھ زندگی مسکرائے گی اور اگر تو رونا چاہے تو تیرے سوا تیرے ساتھ ہرگز کوئی نہیں روئے گا اور جب تو چاہے کہ لوگوں کے ہاں اپنا مرتبہ پہچانے تو دیکھ کہ خدا کا مرتبہ تیرے نزدیک کیا ہے اور جب تو لوگوں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



کے نزدیک اپنا مقام پہچاننا چاہے تو دیکھ کتنے لوگ بغیر کسی حاجت کے تیری ملاقات کرتے ہیں اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول مبارک حق ہے کہ "لوگ سو اونٹوں کی طرح ہیں، شاید تجھے ان میں کوئی سواری کے قابل ملے" اور میں نے اس سے حکمت اور فضل خطاب کی طلب کی تو اس نے کہا ابھی ہم اس سے پردہ نہیں اٹھاتے اور ابھی ہم انہیں خیموں میں پردہ نشین رہنے دیتے ہیں جب تو مجاہدہ کر مشاہدہ کرے گا تو جو بیٹھ رہا دور ہو گیا۔ جزا یہ نسبت بندہ اپنے رب کو اسی وقت پہچانے گا جب اپنے دل میں کسی دوسرے کی جگہ نہ پائے اور زندگی ریل گاڑی کے مشابہ ہے جس کے مختلف درجوں والے بے شمار ڈبے ہوں اور آخر کار سب کے سب سفر کے اختتام پر پہنچ جاتے ہیں اور زندگی اپنے اندر کی مشقتوں اور سفروں کے ساتھ ختم ہو جاتی ہے۔ تو اس میں سے اپنے حصہ پر راضی ہو جا تجھ پر مصیبتیں اور خطرات آسان ہو جائیں گے اور ان لوگوں پر کتنی مشکلات آسان ہو گئیں جو کہ قضا و قدر کی حکمت پر ایمان لے آئے اور میں نے اس سے مزید طلب کیا تو اس نے بات چلاتے ہوئے کہا اے اسرار کے طالب تدبر اور گہری نظر سے قرآن پڑھ پردے اٹھ جائیں گے اور تو انوار سے محظوظ ہو گا اور پھر یہ کہتے ہوئے آواز بلند کی کہ میرے قریب آ۔ اے میرے جسم اور میری زندگی کی صورت میں تجھے غیب الغیب کے کناروں سے خطاب کر رہا ہوں اور میں تجھ سے عقل کو خطاب کرتا ہوں اور جان کہ خوابوں کے مشاہدات اور خدائی حکمتیں طاقت بشریہ کے مطابق ہوتی ہیں اور شرع کی حدوں پر ٹھہر جانا زیادہ بہتر اور سلامتی والا ہے۔ تو اللہ کی عبادت کر خالص اسی کا ہو کر جبکہ اللہ ہی کے لئے خالص بندگی ہے اور جان کہ اس عبادت میں بہتری نہیں جس میں علم نہیں اور اس علم میں کوئی بہتری نہیں جس میں فہم نہیں۔ اور بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



جب اللہ تعالےٰ کسی بندے کو پسند کرے اسے غفلت اور لمبی نیند سے نجات دیتا ہے تو اے میرے جسم ملکی نیند والا ہو جا، بیشک نگہبان فرشتے تیرے ارد گرد چیخ رہتے ہیں اور ساری کائنات متحرک ہے اور یہ کہہ کر پکار رہی ہے کہ صبح قریب ہو گئی اور فجر اپنے نور سے روشن ہو گئی و چمک اٹھی، تو نماز کی طرف آ، نماز کی طرف آ، یہاں مجھے جاگ آ گئی تو اچانک موذن کہہ رہا تھا حیّ علی الفلاح حیّ علی الفلاح، فلاح کی طرف آؤ. فلاح کی طرف آؤ) الصلوٰۃ خیر من النوم الصلوٰۃ خیر من النوم (نماز نیند سے بہتر ہے، نماز نیند سے بہتر ہے) اور باقی بات کو پورا کرنے کے لئے نویں اشاعت میں ملاقات ہو گی انشاء اللہ العزیز۔

اس کے بعد نویں اشاعت کے مقدمہ کو جلد پورا کرنے کا مطالبہ کیا گیا اور اللہ جانتا ہے کہ مجھے معلوم نہیں کہ میں کیا لکھوں اور نہ یہ کہ کس گوشہ سے شروع کروں اور اپنی عادت کے خلاف گہری نیند میں بہہ گیا اور کچھ ہی دیر بعد میں نے ایک جسم کو اپنی طرف آتے ہوئے دیکھا اور صاف ظاہر نہیں ہو رہا تھا، میں اس سے گھبرا گیا کیونکہ وہ میری زندگی سے ایک صورت ہے، وہاں میں نے عالمِ بالا کی روح کا جھونکا سا محسوس کیا اور میں نے ایک سبزہ زار دیکھا جس کی مٹی سے رضوان کی مہک آ رہی تھی اور میں نے ایک نور اٹھتا ہوا دیکھا جس سے اندھیرے روشن ہو گئے اور میں نے ایک باوقار اور پُرسکون آواز سنی کہنے والے نے کہا کہ متحیر غمگین پر سلام ہو جو کہ قرآن کریم کا خادم ہے، کیا وجہ ہے کہ میں تجھے غم اور پریشانی میں دیکھ رہا ہوں، مجھے صحیح خبر دے، ہو سکتا ہے کہ تکلیف کی تخفیف ممکن ہو تو میں نے اپنی محبّت کی زبان سے اپنے دل سے کہا کہ اس کا میرے حال کو جاننا مجھے مانگنے سے بے نیاز کر دیتا ہے تو اس نے مجھے کہا کیا تجھے پسند نہیں ہے کہ تو فی ملکوت اللہ (اللہ تعالےٰ کی بادشاہی میں) "انوار الحق" کے ساتھ "انوار الیقین" دیکھے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



یہاں میں نے خیموں میں بند حکمت کی طلب کی طرف اپنی ہمت کے مطابق پرواز کی تو میں نے وہاں اسرار کے طالبوں کا کافی ہجوم دیکھا۔ اس سے زیادہ ہجوم نہیں ہوگا اور کہا گیا پاسپورٹ کہاں ہے؟ میں نے کہا اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے میری محبت (ہی پاسپورٹ ہے)۔

جب بحث طویل ہوئی تو مجھے کہا گیا کہ تو اسرار چھپائے گا؟ میں نے کہا ہاں، اور جب اس نے گفتگو کا ارادہ کیا تو بغیر ارادہ کے مجھے جاگ آگئی میرے میرے دل میں انوار الحق کے ساتھ انوار الیقین مل چکے تھے۔ عنایتِ ربّانی چاہتی ہے کہ کتاب انوار الحق کی نویں مرتبہ اشاعت کی جائے اور اس کے انوار چمک رہے ہیں۔

پس مجھے شرح صدر ہوئی اور میری روح کو ایسی طاقت ملی کہ پہلے کبھی نہیں ملی اور اس کا اثر یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے مجھے اس کتاب کو نکالنے کی توفیق دی جو کہ سالہا سال پردے میں رہی باوجودیکہ اس کی اشاعت کا اذن نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف سے پہلے ہی ہو چکا تھا اور وہ کتاب "فی ملکوت اللہ مع اسماء اللہ" ہے اور اسی کے ساتھ انوار الحق، انوار الیقین کے ساتھ ملے۔ دونوں اللہ کے ذکر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود شریف پڑھنے کی طرف ہدایت دیتے ہیں اور یہ دسویں اشاعت ہے اور میں قلم روکتا ہوں۔ مجھے خیالات ہی خیالات کھینچ رہے ہیں معلوم نہیں کونسے لکھوں اور کونسے چھوڑوں۔ پھر میرا نفس سکون نہیں پاتا مگر اس صورت میں کہ میں اپنے پڑھنے والوں کو حق تعالیٰ کی طرف توجہ کرنے کی نصیحت کروں وہ جس کے لیئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے، جس نے اپنی حکمت و مراد کے مطابق اپنے بندوں کے افعال جاری فرمائے تو اس نے جو چاہا ہو گیا اور

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



جو نہ چاہا نہ ہوا اور یہ کہ لوگ اپنی جانوں کو راحت دیں اور اسی کے حکم کو تسلیم کرکے اور افضل عبادات سے اللہ تعالےٰ کی طرف متوجہ ہو کر اپنے دلوں کا علاج کریں اور یہ کہ لا الٰہ الا اللہ سے وابستگی حاصل کریں کیونکہ یہ اللہ سبحانہ کے ہاں سب سے پُرامید کلمہ ہے اور یہاں میرے ساتھی نے مجھے کہا تو کب تک لکھے گا ؟ کیا جو کچھ لکھ چکا وہ کافی نہیں ؟ میں نے کہا لکھوں گا اور لکھوں گا، شاید جو بات مجھے اور پڑھنے والوں کو نفع دے، میں نے ابھی لکھی ہی نہیں تو اللہ تعالےٰ کی برکت سے اور اس کے نام "علی قدیر" کے ساتھ میں انوار کی طبعۂ عاشرہ لیئے دسویں اشاعت کو دربارِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور آپ کے دوستوں کی خدمت میں ہدیہ پیش کرتا ہوں، امید کرتا ہوا کہ آئندہ طباعت میں اللہ تعالےٰ کے حکم سے ان کی زیارت خیر کے ساتھ کروں۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ

اے عزیز قاری! پھر ہم نے گیارہویں اشاعت موجودہ ظرفوں میں پیش کی جو کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمارے صبر کی حد اور اس پر ہمارے ایمان کی وجہ سے فی الواقع ہمارا امتحان ہے اور ہمیں بات کو ان ظروف تک ملانے کی گنجائش نہیں لیکن ہم دلی طور پر اللہ تعالےٰ کی طرف یہ مانگتے ہوئے متوجہ ہوئے کہ اللہ تعالےٰ اس پردے کو اپنے مسلمان بندوں سے اٹھا دے اور ہمارے دشمنوں، دین کے دشمنوں پر فتح ونصرت عطا فرمائے اور یہ کہ کافر غاصبوں سے ہماری سرزمین کو پاک فرمائے اور بارہویں اشاعت پر ملاقات تک

پھر مجھ سے بارہویں اشاعت کے خطبہ کا مطالبہ کیا گیا اور دو ہفتہ تک میں لکھنے کا ارادہ کرتا رہا لیکن لکھ نہ سکا اور میں نے آج کے آنے والے سے پوچھا کہ ہمیں علم والی نصیحت کرے تو اس نے کہا کہ اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے

Click For More Books
الْعَذَابِ وَالْاَهْوَالِ يَا صَاحِبَ الشَّفَاعَةِ

کے دن ساری مخلوق کے آقا۔ اے وہ ذات کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے

الْعُظْمٰى يَوْمَ الْحَشْرِ وَالسُّؤَالِ سَلَامُ اللّٰهِ

آخرت میں سیادت کے سب سے بلند مرتبے اور سعادت کے عظیم درجات عطا فرمائے

وَمَلٰئِكَتِهٖ عَلَيْكَ وَسَلَامٌ مِّنَّا اِلَيْكَ

اے وسیلہ کبریٰ والے، اے عذاب و خطرات سے اپنی امت کو بچانے والے،

وَسَلَامٌ عَلَيْنَا مِنْكَ اِنَّهٗ مِنَ اللّٰهِ

اے حشر و سوال کے دن شفاعتِ عظمیٰ والے۔ اللہ اور اس کے ملائکہ کا آپ پر سلام

وَاِلَيْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

ہو اور آپ کی طرف ہماری طرف سے سلام ہو اور ہم پر آپ کی طرف سے سلام

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



يَا صَاحِبَ الْفَتْحِ وَالْفُتُوحِ جِئْنَا اِلَيْكَ

ہو مبے شک سلام اللہ کی طرف سے ہے اور آپکی طرف سے درود و سلام ہو آپ پر

بِالْقَلْبِ وَ الرُّوحِ اَنْتَ وَسِيْلَتُنَا اِلَى

اے فتح مکہ اور رزق والے، ہم آپ کی بارگاہ میں قلب و روح کے ساتھ حاضر آئے ہیں'

اللّٰهِ تَعَالٰى اَنْ يَخْتِمَ لَنَا بِكَمَالِ

آپ اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں ہمارا اس بات کا وسیلہ ہیں کہ ہمارا کمالِ ایمان اور نعمتِ

الْاِيْمَانِ وَنِعْمَةِ الْاِسْلَامِ وَاَنْ

اسلام پر خاتمہ ہو اور یہ کہ اللہ تعالےٰ ہمیں اعلیٰ مقام میں آپ کی خدمت میں جمع فرمائے

يَجْمَعَنَا بِكَ فِيْ اَعْلٰى مَقَامٍ وَيُرِيَنَا

ہمیں بیداری اور خواب میں آپ کی ذاتِ شریفہ کی

ذَاتَكَ الشَّرِيْفَةَ فِي الْيَقْظَةِ وَالْمَنَامِ

زیارت عطا فرمائے اور ہمیں آپ کے

وَاَنْ يَّرْزُقَنَا فِيْ جِوَارِكَ يَا اِمَامُ

جوارِ رحمت میں اچھا خاتمہ عطا فرمائے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اَلْمُرْسَلِیْنَ حُسْنَ الْخِتَامِ۔

اے رسولوں کے امام۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# منظومۃ آل البیت والصالحین

یاربنا انت اللطیف فکن لنا

اے ہمارے رب تو لطیف ہے پس ہمارے لئے

عوناً معیناً فی الشدائد والردی

سختیوں اور مصیبتوں میں مددگار ہو

والطف بنا فیما قضیت نزولہ

اور جس شے کے نزول کا تو نے فیصلہ فرمایا اس میں ہم پر

نحن العبید وانت رب سیدا

نرمی فرما۔ اے آقا ہم بندے ہیں اور تو رب ہے

متوسلین الی جنابک سیدی

اور ہم تیری اے مولی جناب کی طرف دشمن کے خوفناک مکر

فی دفع ما نخشاہ من کید العدا

کو دور کرنے کے لئے وسیلہ پکڑنے والے ہیں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



بِمُحَمَّدٍ وَبِبِنْتِهٖ وَبِبَعْلِهَا

حضرت محمد، آپ کی دختر۔ ان کے زوج مکرم اور ان دونوں کے

بِابْنَیْہِمَا الْحَسَنَیْنِ اَعْلَامِ الْھُدٰی

دونوں صاحبزادوں حسن و حسین کا جو کہ ہدایت کے پرچم ہیں

وَبِاَنْبِیَاءِ اللّٰہِ ثُمَّ بِرُسُلِہٖ

اور اللہ تعالیٰ کے انبیاء پھر اس کے رسولوں

وَکَذَا الْمَلَائِکَۃِ الْکِرَامِ اُولِی الْھُدٰی

اور اسی طرح معزز ملائکہ کا جو کہ ہدایت والے ہیں

وَبِزَیْنَبَ بِنْتِ الْاِمَامِ الْمُرْتَقِیْ

اور حضرت زینب کا جو کہ اچھے اخلاق اور ہدایت کے اونچے مرتبوں

دَرَجَ الْمَکَارِمِ وَالْھُدٰی مُفْنِی الْعِدَا

تک پہنچے والے دشمنوں کو ہلاک کرنے والے امام کی بیٹی ہیں۔

بِسَکِیْنَۃِ ذَاتِ الْمَقَامَاتِ الْعُلٰی

حضرت سکینہ کا جو کہ بلند مقامات والی ہیں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



فَهِیَ الذَّخِیْرَۃُ فِی الْخُطُوْبِ وَفِیْ غَدًا

پس وہ بیٹے حوادث اور کل قیامت میں امداد کا خزانہ ہیں

وَبِبِضْعَۃِ الزَّہْرَاءِ فَاطِمَۃَ الَّتِیْ

اور حضرت فاطمۃ الزہراء کے جگر گوشہ کا وہ

مَنْ اُمُّہَا نَالَ الْمُنٰی وَالسُّؤْدُدَا

فاطمۃ الزہراء کہ جس نے انہیں مقتداء بنایا مقصد اور عزت پائی

وَبِرُقَیَّۃِ بِنْتِ الْاِمَامِ الْمُرْتَضٰی

امام مرتضیٰ جو کہ دین حنیف کی مدد کے لئے

مَنْ قَامَ لِلدِّیْنِ الْحَنِیْفِ مُؤَیِّدًا

کمربستہ رہے کی دختر حضرت رقیہ کا

یَا اِمَامَنَا حَسَنِ الْفِعَالِ الْاَنْوَرِ

اور ہمارے امام کا جو کہ اچھے روشن اعمال والے

کَہْفِ الْمَعَارِفِ مِنْ سُلَالَۃِ اَحْمَدَا

معرفتوں کا خزانہ حضرت احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نسل سے ہیں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وَبِمَنْ لَهٗ فِي الْمَجْدِ فَضْلُ سِيَادَةٍ

اور ان کا وسیلہ جنہیں بزرگی میں سیادت کی فضیلت ہے جو کہ

زَيْنٍ لِعُبَّادِ الْاَنَامِ وَلِيِّ الْهُدٰى

ہدایت یافتہ اور کائنات کے عبادت گزار بندوں کی زینت ہیں (یعنی امام

بِكَرِيْمَةِ الدَّارَيْنِ فَهِيَ نَفِيْسَةٌ

زین العابدین) دونوں جہانوں میں عزت مآب خاتون یعنی

ذَاتُ الْفَضَائِلِ وَالْمَوَاهِبِ وَالنَّدٰى

حضرت نفیسہ کا جو کہ اعلیٰ فضائل اور سخاوت والی ہیں

وَبِبِنْتِ جَعْفَرَ وَهِيَ عَائِشَةُ الَّتِيْ

اور حضرت جعفر کی دختر عائشہ کا جن کے ذریعے ہم

نَرْجُوْ بِهَا كَشْفَ الْكُرُوْبِ كَذَا الْعِدَا

دکھوں اور دشمنوں کے خاتمہ کی امید رکھتے ہیں

وَبِاَهْلِ بَدْرٍ بِالصَّحَابَةِ كُلِّهِمْ

اور اہل بدر بلکہ تمام صحابہ کرام کا وسیلہ اور

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



بِالتَّابِعِينَ لَهُمُ دَوَامًا سَرْمَدًا

ہمیشہ ہمیشہ ان کی پیروی کرنے والوں کا اور

وَبِعَبْدِكَ النُّعْمَانِ ثُمَّ بِمَالِكٍ

تیرے بندے حضرت نعمان پھر ملک کا

بِالشَّافِعِيِّ قُطْبِ الْوُجُوْدِ وَاَحْمَدَا

قطب الوجود امام شافعی اور احمد کا اور

وَكَذَا ابْنُ سَعْدٍ ذُو الْمَكَارِمِ وَالْعَطَا

اسی طرح نفیس علوات اور عطا والے مرہب فضیلت کے

لَيْثُ الْاَفَاضِلِ مَنْ بِهٖ تُكْفَى الرَّدٰى

شیر ابن سعد کا جن کی برکت ہم سے بلائیں دور کی جاتی ہیں۔

بِالسَّيِّدِ الْبَدَوِيِّ بَابِ الْمُصْطَفٰى

حضرت سید احمد بدوی کا جو کہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

بَحْرِ الْفُتُوَّةِ وَالْمَكَارِمِ وَالنَّدٰى

کا دروازہ مروت مکارم اور سخاوت کا دریا ہیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وَبِعَابِدِ الْمُتَعَالِ ثُمَّ مُجَاهِدٍ

رب اعلیٰ کے عابد سید مجاہد احمد

فَهُمَا الْوَسِيْلَةُ لِلْمُلَثَّمِ اَحْمَدَا

کا جو کہ مظلوم کا وسیلہ ہیں

بِالشَّاذِلِيِّ وَبِالدَّسُوْقِيِّ الْمُرْتَضٰى

اور شاذلی کا اور حق کے پسندیدہ دسوقی کا،

بِالْقَادِرِيِّ وَبِالرِّفَاعِيِّ اَحْمَدَا

قادری اور احمد رفاعی کا

وَبِشَيْخِنَا الْبَيُّوْمِيْ سَيِّدِ عَصْرِهٖ

اور ہمارے شیخ بیومی کا جو کہ اپنے زمانہ کے سردار ہیں

فَاقَ الرِّجَالَ بِعِلْمِهٖ وَتَفَرَّدَا

اور علم میں لوگوں سے فائق اور منفرد ہیں۔

وَبِاَبِيْ خَلِيْلٍ شَيْخِنَا وَمَلَاذِنَا

ہمارے شیخ اور جائے پناہ قطب الزماں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



قُطْبِ الزَّمَانِ هُوَ الْمُسَمّٰی مُحَمَّدًا

ابو حنبل کا جن کا نام محمد ہے

وَبِنَجْلِ اِبْرَاهِيْمَ وَارِثِ حَالِهٖ

اور ان کے صاحبزادے ابراہیم کا جو کہ ان کے حال کے وارث ہیں

اَحْيَا بِهِ اللّٰهُ الطَّرِيْقَ وَاَيَّدَا

جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے طریقت کو زندہ فرمایا اور تائید فرمائی

وَبِعَابِدِ الْمَقْصُوْدِ قُطْبِ زَمَانِهٖ

اپنے زمانے کے قطب عبدالمقصود کا جو کہ احمد پاک

شَيْخِ الصَّلَاةِ عَلَى الْمُطَهَّرِ اَحْمَدَا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود کے شیخ ہیں

وَبِاَحْمَدَ بْنِ اِدْرِيْسَ الْفَرْدِ الَّذِيْ

اور یکتا احمد بن ادریس کا جو کہ طہٰ

فِيْ حُبِّ طٰهٰ الْمُصْطَفٰى بَلَغَ الْمَدٰى

مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں انتہا کو پہنچے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وَبِإِبْرَاهِيمَ بْنِ الرَّشِيدِ إِمَامِنَا

اور ہمارے امام ابراہیم بن رشید کا جو کہ بلند و بالا

بَحْرِ الْفُيُوضَاتِ السَّمِيِّ الْأَمْجَدَا

فیوض و برکات کا دریا ہیں

بِالدَّنْدَرَاوِيِّ شَمْسِنَا وَإِمَامِنَا

اور ہمارے سورج اور امام مردوں کے فخر

فَخْرِ الرِّجَالِ هُوَ الْمُسَمّٰى مُحَمَّدَا

دندراوی کا جن کا نام محمد ہے

وَبِشَيْخِنَا وَمَلَاذِنَا الْعُرْيَانِ مَنْ

اور ہمارے شیخ اور مشہور پناہ گاہ حجاج کے

خَفَرَ الْحَجِيجَ هُوَ الْمُسَمّٰى أَحْمَدَا

محافظ کا، جن کا نام احمد ہے

وَبِشَيْخِنَا وَمَلَاذِنَا الْبِكْرِيِّ مَنْ

اور ہمارے شیخ و جائے پناہ بکری کا جو

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



خَازَ الْوِلَایَةَ وَالْکَرَامَۃَ وَالْھُدٰی

کہ ولایت، کرامت اور ہدایت کے جامع ہیں

بِمَلَاذِنَا اللَّیْثِیِّ بَحْرِ عَطَائِہٖ

اور ہماری پناہ گاہ حضرت لیثی کا وسیلہ جن کی عطا کا

عَمَّ الْبَرِیَّۃَ لِلْاَحِبَّۃِ وَالْعِدَا

دریا اپنوں اور بیگانوں سب کے لئے عام ہے

قُطْبِ الزَّمَانِ وَمَعْدِنِ الْعِرْفَانِ مَنْ

قطب زمان، عرفان کی کان جو کہ حقائق کی

قَدْ کَانَ یَشْھَدُ لِلْحَقَائِقِ مُحْتَدَا

اصل کا معائنہ کرتے تھے

عَلَمِ الْھُدٰی کَالشَّمْسِ فِیْ اِشْرَاقِھَا

ہدایت کا پرچم جیسے اپنی چمک دمک میں آفتاب،

کَمْ ذَا اَجَارَ الْمُسْتَغِیْثَ وَاَیَّدَا

کتنے مدد کے طالبوں کو آپ نے پناہ اور مدد دی۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اَللّٰہُ یَنْفَعُنَا بِہِمْ وَبِحُبِّہِمْ

اللہ تعالیٰ ان کی اور ان کی محبت کی وجہ سے دنیا و

دُنْیَا وَّ اُخْرٰی لَا یَزَالُ مُؤَیِّدًا

آخرت میں ہمیں نفع دے،

بِالْاَوْلِیَا بِالصَّالِحِیْنَ بِجَمْعِہِمْ

تمام اولیاء صلحاء کی برکت سے ہمیشہ ہماری مدد فرمائے۔

مَنْ جَآءَنَا الْقُرْاٰنُ عَنْہُمْ مُرْشِدًا

جن کے متعلق قرآن پاک نے مرشد کا لفظ ارشاد فرمایا

فَرِّجْ بِفَضْلِكَ یَآ اِلٰہِیْ کَرْبَنَا

اے میرے اللہ اپنے فضل سے ہماری مصیبت دور فرما

اِرْحَمْ بِعَفْوِكَ یَآ اِلٰہِیْ ضَعْفَنَا

اے میرے اللہ اپنی عفو سے ہماری کمزوری پر رحم فرما

یَسِّرْ بِجُوْدِكَ یَآ اِلٰہِیْ رِزْقَنَا

الٰہی اپنی جود سے ہمارا رزق آسان فرما۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



نَوِّرْ بِعِلْمِكَ يَآ اِلٰهِيْ قَلْبَنَا

الٰہی اپنے علم کے ساتھ ہمارا دل منور فرما۔

اَيِّدْ بِرُوحِكَ يَآ اِلٰهِيْ جَمْعَنَا

الٰہی رحمت کے ساتھ ہماری جمعیت کی مدد فرما

يَا خَيْرَ مَنْ مَدَّ الْاَنَامُ لَهٗ يَدًا

اے وہ بہترین ذات جس کے حضور مخلوق کے ہاتھ پھیلے ہوئے ہیں

وَاَدِمْ صَلَاتَكَ وَالسَّلَامَ عَلَيْهِمْ

اور قیامت تک مخلوق سے کئی گنا زیادہ

اَضْعَافَ مَخْلُوْقٍ اِلٰى يَوْمِ النِّدَا

ان پر اپنا ہمیشہ درود و سلام فرما۔

وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ

اور رسولوں پر سلام ہو اور

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

سب خوبیاں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# اَلْقَصِیْدَۃُ الْمُحَمَّدِیَّۃُ
## فِیْ مَدْحِ خَیْرِ الْبَرِیَّۃِ

مُحَمَّدٌ اَشْرَفُ الْاَعْرَابِ وَالْعَجَمِ

محمد عربیوں عجمیوں سے افضل ہیں۔

مُحَمَّدٌ خَیْرُ مَنْ یَّمْشِیْ عَلٰی قَدَمِ

محمد قدموں پر چلنے والوں میں سب سے بہتر ہیں

مُحَمَّدٌ بَاسِطُ الْمَعْرُوْفِ جَامِعُہٗ

محمد وسیع جامع سخاوت والے ہیں۔

مُحَمَّدٌ صَاحِبُ الْاِحْسَانِ وَالْکَرَمِ

محمد احسان و کرم والے ہیں۔

مُحَمَّدٌ تَاجُ رُسُلِ اللّٰہِ قَاطِبَۃً

محمد اللہ کے تمام رسولوں کے تاج ہیں

مُحَمَّدٌ صَادِقُ الْاَقْوَالِ وَالْکَلِمِ

محمد سب اقوال اور کلمات میں سچے ہیں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



مُحَمَّدٌ ثَابِتُ الْمِیْثَاقِ حَافِظُہٗ

محمد جو حق پر ثابت قدم اور اس کے محافظ ہیں

مُحَمَّدٌ طَیِّبُ الْاَخْلَاقِ وَالشِّیَمِ

محمد پاکیزہ اخلاق و عادات والے ہیں

مُحَمَّدٌ رُوِیَتْ بِالنُّوْرِ طِیْنَتُہٗ

محمد جن کی طینت کو نور سے سیراب کیا گیا

مُحَمَّدٌ لَمْ یَزَلْ نُوْرًا مِّنَ الْقِدَمِ

محمد جو اول سے نور رہے ہیں۔

مُحَمَّدٌ حَاکِمٌ بِالْعَدْلِ ذُوْشَرَفٍ

محمد عدل کے ساتھ فیصلہ فرمانے والے بزرگی والے ہیں

مُحَمَّدٌ مَعْدِنُ الْاِنْعَامِ وَالْحِکَمِ

محمد انعام اور حکمتوں کی کان ہیں۔

مُحَمَّدٌ خَیْرُ خَلْقِ اللّٰہِ مِنْ مُّضَرٍ

محمد مضر قبیلے میں سے اللہ کی مخلوق میں سب سے بہتر ہیں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



مُحَمَّدٌ خَيْرُ رُسُلِ اللّٰهِ كُلِّهِمْ

محمد ﷺ اللہ کے تمام رسولوں سے بہتر ہیں

مُحَمَّدٌ دِيْنُهٗ حَقٌّ نَدِيْنُ بِهٖ

محمد آپ کا دین برحق ہے جس پر ہم عمل کرتے ہیں

مُحَمَّدٌ مُجْمِلاً حَقًّا عَلٰى عَلَمٍ

محمد ڈنکے کی چوٹ سے حق کو پھیلانے والے ہیں

مُحَمَّدٌ ذِكْرُهٗ رُوْحٌ لِاَنْفُسِنَا

محمد کا ذکر ہماری جانوں کی راحت ہے۔

مُحَمَّدٌ شُكْرُهٗ فَرْضٌ عَلَى الْاُمَمِ

محمد کا شکر تمام امتوں پر فرض ہے

مُحَمَّدٌ زِيْنَةُ الدُّنْيَا وَبَهْجَتُهَا

محمد دنیا کی زینت اور تازگی ہیں۔

مُحَمَّدٌ كَاشِفُ الْغُمَّاتِ وَالظُّلَمِ

محمد پردے اور تاریکیاں ہٹانے والے ہیں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



مُحَمَّدٌ سَيِّدٌ طَابَتْ مَنَاقِبُهُ

محمد سردار ہیں کہ ان کی تمام فضیلتیں پاکیزہ ہیں۔

مُحَمَّدٌ صَاغَهُ الرَّحْمٰنُ بِالنِّعَمِ

محمد کو رحمان نے نعمتوں سے ساتھ سنوارا

مُحَمَّدٌ صَفْوَةُ الْبَارِیْ وَخِيْرَتُهُ

محمد اللہ کے چنے ہوئے اور فضیلت دیئے ہوئے ہیں

مُحَمَّدٌ طَاهِرٌ مِّنْ سَائِرِ التُّهَمِ

محمد تمام تہمتوں سے پاک ہیں۔

مُحَمَّدٌ بَاسِمٌ لِلضَّيْفِ مُكْرِمُهُ

محمد مہمان کے لئے تبسم فرمانے والے اس کی عزت افزائی فرمانے والے

مُحَمَّدٌ جَارُهُ وَاللّٰهِ لَمْ يُضَمِ

اللہ کی قسم محمد کے پڑوسی کا حق ضائع نہیں کیا جاتا ہے

مُحَمَّدٌ طَابَتِ الدُّنْيَا بِبَعْثَتِهِ

محمد کے بھیجے سے دنیا بابرکت ہو گئی۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



مُحَمَّدٌ جَاءَ بِالْاٰیَاتِ وَالْحِکَمِ

محمد آیات اور حکمتیں لے کر تشریف لائے

مُحَمَّدٌ یَوْمَ بَعْثِ النَّاسِ شَافِعُنَا

لوگوں کے اٹھائے جانے کے دن محمد ہماری شفاعت فرمانے والے ہیں

مُحَمَّدٌ نُوْرُہُ الْهَادِیْ مِنَ الظُّلَمِ

محمد کا نور ہمیں تاریکیوں سے ہدایت دینے والا ہے

مُحَمَّدٌ قَائِمٌ لِلّٰهِ ذُوْ هِمَمٍ

محمد اللہ کے لئے قائم، ہمتوں والے ہیں

مُحَمَّدٌ خَاتَمٌ لِلرُّسْلِ کُلِّهِمِ

محمد تمام رسولوں کے خاتم ہیں

صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وبارک وسلم

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# سورۂ یٰسٓ

ترجمہ

امام احمد رضا قادری بریلوی

قدس سرہ العزیز

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ یٰسٓ مکیہ ہے اس میں تراسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

يٰسٓ ۝۱ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝۲ اِنَّكَ لَمِنَ

حکمت والے قرآن کی قسم بے شک

الْمُرْسَلِيْنَ ۝۳ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۴

تم سیدھی راہ پر بھیجے گئے ہو

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝۵ لِتُنْذِرَ

عزت والے مہربان کا اتارا ہوا تاکہ تم اس

قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۶

قوم کو ڈر سناؤ جس کے باپ دادا نہ ڈرائے گئے تو وہ بےخبر ہیں

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ

بے شک ان میں اکثر پر بات ثابت ہو چکی ہے تو وہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۷ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْۤ

ایمان نہ لائیں گے ہم نے اُن کی

اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ

گردنوں میں طوق کردیئے ہیں کہ وہ ٹھوڑیوں تک ہیں تو یہ

فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝۸ وَجَعَلْنَا مِنْۢ

اوپر کو منہ اٹھائے رہ گئے اور ہم نے ان کے

بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ

آگے دیوار بنا دی اور ان کے پیچھے ایک

سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹

دیوار اور انہیں اوپر سے ڈھانک دیا تو انہیں کچھ نہیں سوجھتا

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ

اور انہیں ایک سا ہے تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ،

تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰ اِنَّمَا

وہ ایمان لانے کے نہیں تم اسی کو

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

ڈر سناتے ہو جو نصیحت پر چلے اور رحمٰن

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ

سے بے دیکھے ڈرے تو اسے بخشش اور عزت کے

وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۱﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ

ثواب کی بشارت دو بیشک ہم مردوں کو جلائیںگے

الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ؕ

اور ہم لکھ رہے ہیں جو انہوں نے آگے بھیجا اور جو نشانیاں

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ

پیچھے چھوڑ گئے اور ہر چیز ہم نے گن رکھی ہے ایک بتانے والی

مُّبِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا

کتاب میں اور ان سے نشانیاں بیان کرو

اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا

اس شہر والوں کی جب ان کے پاس

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ

فرستادے آئے جب ہم نے ان کی طرف دو بھیجے

اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

پھر انہوں نے ان کو جھٹلایا تو ہم نے تیسرے سے زور دیا

فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا

اب ان سب سے کہو کہ بیشک ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں بولے

مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ

تم تو نہیں مگر ہم جیسے آدمی اور رحمٰن نے کچھ

الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا

نہیں اتارا تم نرے

تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ

جھوٹے ہو وہ بولے ہمارا رب جانتا ہے کہ بیشک

اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَا عَلَيْنَآ

ضرور تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں اور ہمارے ذمہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿١٧﴾ قَالُوْٓا إِنَّا تَطَيَّرْنَا

نہیں مگر صاف پہنچا دینا . بولے ہم تمہیں منحوس

بِكُمْ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ

سمجھتے ہیں بیشک اگر تم باز نہ آئے تو ضرور ہم تمہیں سنگسار

وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيْمٌ ﴿١٨﴾

کریں گے اور بیشک ہمارے ہاتھوں تم پر دکھ کی مار پڑے گی ،

قَالُوْا طٰٓئِرُكُمْ مَّعَكُمْ أَئِنْ ذُكِّرْتُمْ

انہوں نے فرمایا تمہاری نحوست تو تمہارے ساتھ ہے کیا اس پر بدکتے ہو کہ تم

بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَجَآءَ

سمجھائے گئے بلکہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو اور شہر

مِنْ أَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى

کے پرلے کنارے سے ایک مرد دوڑتا . آیا

قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٠﴾

بولا اے میری قوم بھیجے ہوؤں کی پیروی کرو ،

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ

ایسوں کی پیروی کرو جو تم سے کچھ نہیں مانگتے اور وہ

مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ

راہ پر ہیں اور مجھے کیا ہے کہ اس کی بندگی نہ

الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾

کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی طرف تمہیں پلٹنا ہے۔

ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ

کیا اللہ کے سوا اور خدا ٹھہراؤں کہ اگر

الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ

رحمٰن میرا کچھ برا چاہے تو ان کی سفارش میرے کچھ کام نہ آئے

شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾ ج اِنِّيْۤ اِذًا لَّفِيْ

اور نہ وہ مجھے بچا سکیں بیشک جب تو میں

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ اِنِّيْۤ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ

کھلی گمراہی میں ہوں مقرر میں تمہارے رب پر ایمان لایا

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ

تو میری سنو اس سے فرمایا گیا کہ جنت میں داخل ہو

قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا

کہا کسی طرح میری قوم جانتی جیسی

غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾

میرے رب نے میری مغفرت کی اور مجھے عزت والوں میں کیا

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ

اور ہم نے اس کی قوم پر آسمان سے کوئی

مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا

لشکر نہ اتارا اور نہ ہمیں وہاں کوئی لشکر

مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً

اتارنا تھا وہ تو بس ایک ہی چیخ تھی

وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾

جبھی وہ بجھ کر رہ گئے ۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَأْتِيهِمْ مِّنْ

اور کہا گیا کہ ہائے افسوس ان بندوں پر جب ان کے پاس

رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ﴿٣٠﴾

کوئی رسول آتا ہے تو اس سے ٹھٹھا ہی کرتے ہیں

أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ

کیا انہوں نہ دیکھا ہم نے ان سے پہلے کتنی

الْقُرُونِ أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿٣١﴾ وَ

سنگتیں ہلاک فرمائیں کہ وہ اب انکی طرف پلٹنے والے نہیں اور

إِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ﴿٣٢﴾

جتنے بھی ہیں سب کے سب ہمارے حضور حاضر لائے جائیں گے

وَآيَةٌ لَّهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖ أَحْيَيْنَاهَا

اور ان کے لیے ایک نشانی مردہ زمین ہے ہم نے اسے زندہ کیا

وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ ﴿٣٣﴾

اور پھر اس سے اناج نکالا تو اس میں سے کھاتے ہیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ

اور ہم نے اس میں باغ بنائے کھجوروں اور

اَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾

انگوروں کے اور ہم نے اس میں کچھ چشمے بہائے

لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ؕ

کہ اس کے پھلوں میں سے کھائیں اور یہ ان کے ہاتھ کے بنائے نہیں

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ

تو کیا حق نہ مانیں گے پاکی ہے اسے جس نے

خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ

سب جوڑے بنائے ان چیزوں سے جنہیں زمین اگاتی ہے

وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾

اور خود ان سے اور ان چیزوں سے جن کی انہیں خبر نہیں

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۖۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ

اور ان کے لیے ایک نشانی رات ہے ہم اس پر سے دن کھینچ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ۝٣٧ وَالشَّمْسُ

دیتے ہیں جبھی وہ اندھیروں میں ہیں اور سورج

تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ

چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لیے، یہ حکم ہے

الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝٣٨ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ

زبردست علم والے کا اور چاند کے لیے ہم نے

مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ۝٣٩

منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ پھر ہو گیا جیسے کھجور کی پرانی ڈال

لَا الشَّمْسُ یَنْۢبَغِیْ لَهَاۤ اَنْ تُدْرِكَ

سورج کو نہیں پہنچتا کہ چاند کو پکڑ لے

الْقَمَرَ وَلَا الَّیْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ

اور نہ رات دن پر سبقت لے جائے اور ہر ایک ایک

فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ۝٤٠ وَاٰیَةٌ لَّهُمْ

گھیرے میں پیر رہا ہے اور ان کیلئے ایک نشانی

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿٤١﴾

یہ ہے کہ انہیں ان کے بزرگوں کی پیٹھ میں ہم نے بھری کشتی میں سوار کیا

وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿٤٢﴾

اور ان کے لیے ویسی ہی کشتیاں بنا دیں جن پر سوار ہوتے ہیں

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ

اور ہم چاہیں تو انہیں ڈبو دیں تو نہ کوئی انکی فریاد کو پہنچنے والا ہو اور

يُنْقَذُوْنَ ﴿٤٣﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا

نہ وہ بچائے جائیں مگر ہماری طرف کی رحمت اور ایک وقت

اِلٰى حِيْنٍ ﴿٤٤﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا

تک برتنے دنیا اور جب ان سے فرمایا جاتا ہے ڈرو تم

بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ

اس سے جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے آنیوالا ہے اس امید پر

تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ

کہ تم پر مہر ہو تو منہ پھیر لیتے ہیں اور جب کبھی ان کے رب کی نشانیوں سے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

کوئی نشانی ان کے پاس آتی ہے تو اس سے منہ ہی

مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا

پھیر لیتے ہیں اور جب ان سے فرمایا جائے اللہ کے دیئے

مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

میں سے کچھ خرچ کرو تو کافر مسلمانوں کے لیے کہتے ہیں

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

کہ کیا ہم اسے کھلائیں جسے اللہ چاہتا تو

اَطْعَمَهٗۤ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾

کھلا دیتا تم تو نہیں مگر کھلی گمراہی میں

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

اور کہتے ہیں کب آئے گا یہ وعدہ اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً

سچے ہو راہ نہیں دیکھتے مگر ایک چیخ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وَّاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾

کی کہ انہیں آلے گی جب وہ دنیا کے جھگڑے میں پھنسے ہونگے

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ

تو نہ وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر

يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ

پلٹ کر جائیں اور پھونکا جائیگا صور جبھی وہ

مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

قبروں سے اپنے رب کی طرف دوڑتے چلیں گے،

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ

کہیں گے ہائے ہماری خرابی کس نے ہمیں سوتے سے جگا دیا

هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ

یہ ہے وہ جس کا رحمٰن نے وعدہ دیا تھا اور

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً

رسولوں نے حق فرمایا وہ تو نہ ہوگی مگر ایک چنگھاڑ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾

جبھی وہ سب کے سب ہمارے حضور حاضر ہو جائیں گے

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا

تو آج کسی جان پر کچھ ظلم نہ ہوگا اور تمہیں

تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾

بدلا نہ ملے گا مگر اپنے کیے کا،

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ

بے شک جنت والے آج دل کے بہلاووں میں

فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾ج هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ

چین کرتے ہیں وہ اور ان کی بیبیاں سایوں میں

ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٦﴾ج لَهُمْ

ہیں تختوں پر تکیہ لگائے ان کیلئے

فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿٥٧﴾ج

اس میں میوہ ہے اور ان کیلئے اس میں جو مانگیں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَ

ان پر سلام ہوگا مہربان رب کا فرمایا ہوا اور

امْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾

آج الگ پھٹ جاؤ اے مجرمو

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا

اے اولاد آدم کیا میں نے تم سے عہد نہ لیا تھا کہ

تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

شیطان کو نہ پوجنا بے شک وہ تمہارا کھلا

مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ هٰذَا

دشمن ہے اور میری بندگی کرنا یہ

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ

سیدھی راہ ہے اور بیشک اس نے تم

مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾

میں سے بہت سی خلقت کو بہکا دیا تو کیا تمہیں عقل نہ تھی

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

یہ ہے وہ جہنم جس کا تم سے وعدہ تھا

اِصْلَوْهَا الْیَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾

آج اسی میں جاؤ بدلہ اپنے کفر کا

اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ وَ تُكَلِّمُنَاۤ

آج ہم ان کے مونہوں پر مہر کردیں گے اور انکے

اَیْدِیْهِمْ وَ تَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا

ہاتھ ہم سے بات کریں گے اور ان کے پاؤں انکے کیے کی

یَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَ لَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰۤى

گواہی دیں گے اور اگر ہم چاہتے تو ان کی

اَعْیُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى

آنکھیں مٹا دیتے پھر لپک کر رستہ کی طرف جاتے تو

یُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَ لَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ

انہیں کچھ نہ سوجھتا اور اگر ہم چاہتے تو انکے گھر بیٹھے انکی صورتیں بدل

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّ

دیتے نہ آگے بڑھ سکتے نہ

لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ

پیچھے لوٹتے اور جسے ہم بڑی عمر کا کریں اسے

فِي الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ

پیدائش میں الٹا پھیریں تو کیا سمجھتے نہیں اور ہم نے ان کو

الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

شعر کہنا نہ سکھایا اور نہ وہ انکی شان کے لائق ہے وہ تو نہیں مگر نصیحت اور

وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا

روشن قرآن کہ اسے ڈرائے جو زندہ ہو

وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَلَمْ

اور کافروں پر بات ثابت ہو جائے اور کیا

يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

انہوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



أَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مَالِكُونَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنَاهَا

چوپائے اس کیلئے پیدا کیے تو یہ انکے مالک ہیں اور انہیں انکے

لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ ﴿٧٢﴾

لیے نرم کردیا تو کسی پر سوار ہوتے ہیں اور کسی کو کھاتے ہیں

وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا

اور ان کے لیے ان میں کئی طرح کے نفع اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا

يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِ

شکر نہ کریں گے اور انہوں نے اللہ کے سوا

اللَّهِ آلِهَةً لَعَلَّهُمْ يُنْصَرُونَ ﴿٧٤﴾ لَا

اور خدا ٹھہرا لیے کہ شاید ان کی مدد ہو وہ ان

يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ

کی مدد نہیں کرسکتے اور وہ ان کے لشکر

جُنْدٌ مُحْضَرُونَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ

سب گرفتار حاضر آئیں گے تو تم ان کی بات کا غم نہ کرو

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



إِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٦﴾

بیشک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور ظاہر کرتے ہیں

أَوَلَمْ يَرَ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن

اور کیا آدمی نے نہ دیکھا کہ ہم نے اسے

نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ ﴿٧٧﴾ وَ

پانی کی بوند سے بنایا جبھی وہ صریح جھگڑالو ہے اور

ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَنَسِيَ خَلْقَهُ قَالَ مَن

ہمارے لیے کہاوت کہتا ہے اور اپنی پیدائش بھول گیا، بولا ایسا

يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيهَا

کون ہے کہ ہڈیوں کو زندہ کرے جب وہ بالکل گل گئیں۔ تم فرماؤ انہیں وہ زندہ

الَّذِي أَنشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ ۖ وَهُوَ بِكُلِّ

کریگا جس نے پہلی بار انہیں بنایا اور اسے ہر

خَلْقٍ عَلِيمٌ ﴿٧٩﴾ الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ

پیدائش کا علم ہے جس نے تمہارے لیے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ

ہرے پیڑ میں سے آگ پیدا کی جبھی تم اس سے

تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَلَيْسَ الَّذِیْ خَلَقَ

سلگاتے ہو اور کیا وہ جس نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ

آسمان اور زمین بنائے ان جیسے اور نہیں بنا سکتا

مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَآ

کیوں نہیں اور وہی ہے بڑا پیدا کرنیوالا سب کچھ جانتا اس کا

اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ

کام تو یہی ہے کہ جب کسی چیز کو چاہے تو اس سے فرمائے ہو جا

فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِيَدِهٖ

وہ فوراً ہو جاتی ہے تو پاکی ہے اسے جس کے ہاتھ

مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

ہر چیز کا قبضہ ہے اور اسی کی طرف پھیرے جاؤ گے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# صلوات النسب الشریف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

اے میرے اللہ! درود وسلام بھیج اور برکت نازل فرما ہمارے آقا و

مُحَمَّدٍ عَظِیْمِ الْاٰبَآءِ مِنْ سَیِّدِنَا اٰدَمَ اِلٰی سَیِّدِنَا

مولیٰ حضرت محمد پر جو کہ سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت سیدنا عبداللہ تک

عَبْدِ اللّٰهِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا

عظیم آباء واجداد والے ہیں۔ اے میرے اللہ! درود وسلام اور برکت نازل فرما

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب

ابْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَیِّ بْنِ حَکِیْمِ

بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن حکیم بن

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ابْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ

مرہ بن کعب بن لوئی بن غالب بن فہر

ابْنِ مَالِكِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ

بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ

ابْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ اِلْيَاسَ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارِ

بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار

ابْنِ مَعَدِّ بْنِ عَدْنَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

بن معد بن عدنان پر۔ اے میرے اللہ! درود و سلام بھیج

وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ كَرِيْمِ

اور برکت فرما ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد پر جو کہ معزز

الْاُمَّهَاتِ مِنْ سَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ حَوَّاءَ اِلٰى

ماؤں والے ہیں حضرت سیدہ حوا سے لے کر

سَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ اٰمِنَةَ بِنْتِ وَهْبِ بْنِ عَبْدِ مُنَافٍ

سیدہ آمنہ بنت وہب بن عبد مناف

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ابْنِ زُهْرَةَ بْنِ حَكِيْمٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ

بن زہرہ بن حکیم تک۔ اے میرے اللہ! درود وسلام اور برکت

عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

فرما ہمارے آقا و مولےٰ حضرت محمد پر اور آپ کی آل، اصحاب،

وَاَزْوَاجِهٖ وَاَوْلَادِهٖ سَيِّدِنَا الْقَاسِمِ وَسَيِّدِنَا

ازواج اور اولاد سیدنا قاسم، سیدنا

عَبْدِاللّٰهِ وَسَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

عبداللہ اور سیدنا ابراہیم پر۔ اے میرے اللہ! درود وسلام

وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَ

اور برکت فرما ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد پر اور آپ کی آل،

اَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَبَنَاتِهٖ سَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ

اصحاب، ازواج اور صاحبزادیوں سیدہ

زَيْنَبَ وَسَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ رُقَيَّةَ وَسَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ

زینب، سیدہ رقیہ، سیدہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اُمِّ كُلْثُوْمٍ وَسَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ

اُمِّ کلثوم اور ہمارے مولیٰ امام حسن،

اُمِّ مَوْلَانَا الْاِمَامِ الْحَسَنِ وَمَوْلٰنَا الْاِمَامِ الْحُسَيْنِ

امام حسین اور سیدہ زینب کی والدہ سیدہ فاطمۃ الزہرا

وَسَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ زَيْنَبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر۔ اے میرے اللہ! درود و سلام

وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَ

اور برکت فرما ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد اور آپ کی آل،

اَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَعَلٰى عَمَّيْهِ خَيْرِ

اصحاب، ازواج، اولاد اور آپ کے دونوں چچا سب لوگوں سے

النَّاسِ سَيِّدِنَا حَمْزَةَ وَسَيِّدِنَا الْعَبَّاسِ

بہتر حضرت سیدنا حمزہ اور سیدنا عباس پر۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اٰلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ

آپ پر سلام ہو اے آلِ رسول اللہ اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



بَرَكَاتُهُ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ

برکتیں جز ایں نسبت کہ اللہ تعالیٰ ارادہ فرماتا ہے کہ تم سے ہر نجاست کو دور رکھے

اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اے اہلِ بیت اور تمہیں خوب پاک فرمائے۔ اے میرے اللہ! درود بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا

ہمارے آقا حضرت محمد اور ہمارے آقا حضرت محمد کی آل پر جیسا کہ

صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

تو نے سیدنا ابراہیم اور آپ کی آل پر درود بھیجا

اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور برکت نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ

جیسا کہ تو نے سیدنا ابراہیم اور آپ کی آل پر

سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

جہانوں میں برکت نازل فرمائی۔ بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# مناجات و دعاء

## التجاء و دعاء

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا

صلوٰۃ و سلام ہو آپ پر یا سیدی یا رسول اللہ یا نبی اللہ یا عبداللہ اور آپ کے

رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ یَا عَبْدَ اللّٰہِ وَکَفَاکَ شَرَفًا

لئے یہ شرف کافی ہے آپ اللہ کے

اَنْ تَکُوْنَ عَبْدَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ

خاص بندے ہیں۔ درود و سلام ہو آپ پر اے دنیا

یَا اَمَانَ الدُّنْیَا وَمَلَاذَ اَهْلِهَا یَا حِصْنَ الْاُمَّةِ وَ

کی پناہ اور دنیا والوں کی جائے پناہ، اے امت کے قلعے اور

مَعْقِدَ رَجَائِهَا یَا رَحْمَةَ الْاِنْسَانِیَّةِ وَکَعْبَةَ اٰمَالِهَا

اس کی امید کے مرکز، اے انسانیت کی رحمت اور اس کی تمناؤں

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الرَّءُوْفُ

کے کعبہ۔ درود و سلام ہو آپ پر اے نبی رؤف رحیم مہربان،

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



الرَّحِيْمُ اللَّطُوْفُ يَا مَنْ يَّتَوَسَّلُ بِكَ اِلَى اللّٰهِ

اے وہ ذات کہ ہر مدد چاہنے والا پریشان، اللہ تعالیٰ کی

تَعَالٰی كُلُّ مُسْتَغِيْثٍ وَّمَلْهُوْفٍ وَّهَا نَذَا يَا رَسُوْلَ

بارگاہ میں آپ کا وسیلہ پیش کرتا ہے اور یہ میں ہوں یارسول اللہ،

اللّٰهِ مُسْتَغِيْثٌ وَّمَلْهُوْفٌ اَنْتَ لَهَا اِذَا نَزَلَ

مدد چاہنے والا پریشان، آپ ہی امت کے مددگار ہیں جب بلا نازل ہو

الْبَلَاءُ وَاشْتَدَّ الْعَنَاءُ اَنْتَ لَهَا عِنْدَ الْمُلِمَّاتِ

اور سخت ذلت ہو حوادث زمانہ اور شدید قحط سالی میں

وَاشْتِدَادِ الْاَزْمَاتِ اَنْتَ لَهَا عِنْدَ احْتِدَامِ

آپ ہی اس کا سہارا ہیں سخت بے چینی

الْكُرُبَاتِ وَانْسِدَادِ اَبْوَابِ الْفَرَجِ مِنْ كُلِّ

اور ہر طرف سے کشائش کے دروازے بند ہوجانے پر

الْجِهَاتِ اَنْتَ وَسِيْلَتِيْ قَلَّتْ حِيْلَتِيْ اَدْرِكْنِيْ

آپ ہی اس کا آسرا ہیں (آپ میرا وسیلہ ہیں'

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



یَا نَبِیَّ اللّٰہِ، ثَلاثًا، عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ

میرے حیلے گھٹ گئے، میری دستگیری فرمائیے یا نبی اللہ (تین مرتبہ پڑھے)

اللّٰہِ مِنْ صَلَوَاتِ اللّٰہِ وَتَسْلِیْمَاتِہٖ وَتَحِیَّاتِہٖ

یارسول اللہ ہر لمحہ ولحظہ آپ پر اللہ تعالیٰ کے درودوں، سلاموں تحیوں

وَبَرَکَاتِہٖ فِیْ کُلِّ لَحْظَۃٍ مَّا یُنَاسِبُ قَدْرَكَ

اور برکتوں سے وہ نازل ہو کہ آپ کے عظیم رتبہ کے مناسب

الْعَظِیْمَ وَیَلِیْقُ بِمَقَامِكَ الْکَرِیْمِ وَیَجْمَعُ لَكَ

اور آپ کے مقامِ کریم کے لائق ہو اور فضیلت وتکریم کے

اَعْلٰی دَرَجَاتِ الْفَضْلِ وَالتَّکْرِیْمِ وَاَقْصٰی

بلند درجات اور قرب وتعظیم کے انتہائی مراتب

غَایَاتِ الْقُرْبِ وَالتَّعْظِیْمِ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ

آپ کے لیے جمع کر دے اور آپ کی آل، اصحاب،

وَاَزْوَاجِكَ وَذُرِّیَّتِكَ وَاُمَّتِكَ اَکْمَلَ الصَّلٰوۃِ

ازواج، اولاد اور امت پر کامل درود

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وَاَتَمَّ التَّسْلِیْم

اور کامل سلام ہو۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# تقریظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمام خوبیاں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں اور صلوٰۃ وسلام اللہ تعالیٰ کے رسول ہمارے آقا حضرت محمد خاتم النبیین پر اور آپ کی پاکیزہ آل اور دین کے حامی آپ کے صحابہ کرام پر اور احسان کے ساتھ ان کی پیروی کرنے والوں پر یوم جزا تک

حمد وصلوٰۃ کے بعد معلوم ہو کہ یہ کتاب انوار الحق محبت بھرے دل سے جلوۂ فیضِ نبوی اور روحِ عاشق سے شعاعِ محمدی ہے جو کہ تمام اسلاف سے محبت کرنے والے کے دل پر جلوہ گر ہوئی حالانکہ وہ خود [illegible] سے ہے اسلاف سے سبقت لے گیا حالانکہ وہ ابھی تک اخلاف کی رکاب میں ہے۔ یہ محمدی باغ ہے کہ عارفین کی کیاریوں میں اس کے پھول چٹکنے کے بعد طالبین کے لئے اس کا پھل تیار ہے۔

میں نے اپنے بھائی عارف باللہ عبدالمقصود محمد کو صوفیوں کے اجتماعات میں سے ایک محفل میں دیکھا جبکہ اولیائے کرام کی روحیں ایک دوسرے سے مصروفِ گفتگو ہوتی ہیں۔ میں نے ایک عالی مرتبت روح کو دیکھا جو کہ دربارِ نبوت میں مستغرق ہے اور ان کی سب سے بڑی مصروفیت درود شریف کا ذکر تھا جس نے اس کے اور سید الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان رابطہ قائم کر رکھا تھا۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کی گنتی شروع کی یہاں تک کہ ایک دن اور رات میں ۴۱ ہزار تک پہنچ گئے کہ اسی دوران ہم فضا میں پھیلی خوشبوؤں کی مہک سونگھتے ہیں اور برکتوں کے دریا میں تیرتے ہیں کہ اچانک اخی مکرم عبدالمقصود ہمارے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



سامنے وہ کچھ پیش کرتے ہیں جو اُن کے دل میں القا ہوا اور بذریعہ الہام وارد ہونیوالے روشن درود شریف ہم پر پڑھتے ہیں۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ بارگاہِ نبوت کی طرف سے تروتازہ الہام ہے اور سخاوت و کرم کی موجوں کا صاف شفاف چشمہ ہے اور اسے محبت رکھنے والے شاید تونے ان درودوں کو دیکھا ہوگا کہ یہ اسلوب میں دقت، عبارت میں لطافت اور معنوں میں دوری کو جامع ہیں جو کہ فی الواقع اللہ تعالیٰ کی آیات میں سے آیت ہے تو کتاب انوار الحق میں میرے بھائی کی بیان کی ہوئی شان شکل آسان، عجیب و عظیم، دقیق و لطیف، بہترین شیریں قریب و بعید، جدید و قدیم، سلف کی طرز کے خلاف، سلف کی طرز کے مطابق، عارفوں کی عبارتوں اور کاتبوں کی طرز پر ہے۔

اسی لیے پڑھنے والا ان درودوں میں الہام کی مہک محسوس کرتا ہے جو کہ ہر زمانہ میں اولیاء اللہ کی کرامت رہی ہے کیونکہ زمانہ نبوت گزرنے کی وجہ سے وحی ختم ہو گئی اور اولیاء اور عاملوں کا الہام باقی ہے اور میں اپنے بھائی کو اس عطیہ خداوندی اور درِ نبوی پر مبارکباد دیتا ہوں اللہ تعالیٰ سے یہ امید کرتے ہوئے کہ اس سے ہر سیراب اور پیاسے کو بہرہ ور فرماتے اور ہر شام اور صبح کو آنے والا اس سے روحانی غذا حاصل کرے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں امید بڑی قوی ہے اور اسے آسان فرما دیا اجازت کی علامت ہے بتحقیق حضور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اظہار کے لیے اس کی طباعت کی اجازت ایک خواب میں عطا فرمائی جو کہ دن کے اجالے کی طرح ان کے لیے خوشخبری تھی بیشک حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس میں ایک دوسرے خواب میں یہ فرما کر برکت ڈالدی کہ میں نے اس میں نظر کی ہے تو یہ آپ کی طرف سے کتاب انوار الحق کے لئے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



تابندگی کا تاج ہے اور آپ کی طرف سے یہ اطلاع ہے کہ یہ انوارِ خداوندی کا نتیجہ اور اسرارِ خداوندی کا ثمرہ ہے۔

اللہ تعالیٰ اس کی تلاوت سے کائنات کو معطر فرمائے اور زمانے اسکی خوشبوؤں سے مہک اٹھیں، بے شک میرا رب ندا کو سننے والا اور دعا کو قبول فرمانے والا ہے۔

محمد محمد جابر

یکے از علماءِ ازہر شریف

## تقریظ

ہمارے دینی بھائی عارفِ ربانی صاحبِ برکت المجاہد، نیکیوں کے توفیق یافتہ سید عبد المقصود محمد سالم نے ہمیں اپنی انوار بھری بابرکت کتاب انوار الحق فی الصلوٰۃ علی سید الخلق سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی نئی اشاعت بطور ہدیہ عطا فرمائی، مقدمہ اور قصۃ الصلوات کے اضافہ کے ساتھ اور جو شخص بھی ہمارے اس زمانے میں دیارِ اسلام میں اللہ تعالیٰ کے دربار پر حاضر ہے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت رکھتا ہے وہ انوار الحق کو جانتا ہے۔

یہ علوی نفحات ہیں جن کی وجہ سے مددِ الٰہی نے سرایت فرمائی یہاں تک کہ وہ ہمارے بھائی السید عبد المقصود کی قلم پر دعاء، ثناء اور ملائکہ کی آوازوں میں بار بار تکرار سے پیدا ہونے والے نورِ دائمی کی شکل میں جاری ہو گئے جنہیں انہوں نے مجمع الکمالات سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور پیش کیا کہ آسان شکل، مختصر

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اور بہت عظیم جو کہ اہل اللہ کے غیر سے ممکن نہیں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ امام جزولی (صاحب دلائل الخیرات) کے مقام کا وارث ہونے کے بعد سید مذکور نے اس رسالہ میں فیض اعلیٰ اور غیب بالا کے مقام تک رسائی حاصل کی، اس کے درودوں سے آیتیں اور اس کی آیتوں سے درود بنائے، پاکیزہ، بابرکت، قدسی عرشی تحفوں کی شکل میں ان کی بارگاہ میں جو کہ زمین کے اوپر اور آسمانوں کے نیچے رہنے والوں میں سب سے افضل و اعلیٰ ہیں۔ ہم بار بار ان کی سیادت کے لیے توفیق و درستی کی سچی دعا کرتے ہیں، اللہ تعالےٰ ان سے اسے قبول فرمائے اور انہیں اچھی جزا سے نوازے۔

محمد زکی ابراہیم

رائد العشیرۃ المحمدیہ وصاحب مجلہ المسلم

صلواتِ مذکورہ میں بیان کی گئی نوازشاتِ الٰہیہ و انعاماتِ مصطفویہ کی طلب کے لیے بارگاہِ رسالت کا سگِ بے مایہ

افقر الخلق الی الحق

محمد محفوظ الحق غفرلہٗ

خطیب جامع مسجد غلہ منڈی بوریوالہ

۲۲ محرم الحرام ۱۴۰۱ھ بروز سعید یوم الاثنین

ذخیرہ
جمیل احمد

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

# آج

مسکینوں کے سہارا، غریبوں کے آسرا، مظلوموں کے دادرس، مزدوروں کے فریادرس، محبوبِ رب العالمین، رحمۃ للعالمین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی آمد آمد کا تاریخی دن ہے، ہم اس مبارک موقعہ پر دل کی گہرائیوں سے ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں۔ آیئے آج ہم سب عہد کریں کہ اپنے سینوں کو آپ کی محبت سے جگمگائیں گے اپنی سیرتوں کو آپ کی سنت سے سنواریں گے۔ اور آپ کی عظمت اور ناموس کی حفاظت کیلئے اپنی جانیں قربان کر دینگے۔

سر فدائے رہِ جاناں جاں ہو گیا
امتحاں امتحاں امتحاں ہو گیا

منجانب: صدر و اراکین

رضا اکیڈمی رجسٹرڈ مسجد رضا محبوب روڈ چاہ میراں لاہور پاکستان

کوڈ نمبر ۵۴۹۰۰، فون نمبر ۲۵۰۴۴۰

اسلامیہ جمہوریہ پاکستان

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari